خالد اسحاق

فروری ۲۰۱۳

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ابوسفیان رض بن حارث

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

دو شخصوں کے درمیان شاید ہی کبھی ایسے گہرے اور مضبوط تعلقات قائم ہوئے ہوں گے، جیسے جناب محمدؐ بن عبداللہ اور ابوسفیانؓ بن حارث کے درمیان تھے۔

ابوسفیان، رسول اللہ ﷺ کے ہم عمر اور ان کے ہم جولی تھے، دونوں ایک زمانے میں پیدا ہوئے، اور ایک ہی خاندان میں ان کی نشوونما ہوئی۔ وہ نبی کریم ﷺ کے قریبی عم زاد تھے۔ ان کے والد حارث اور رسول اللہ ﷺ کے والد عبداللہ ایک ہی صلب، صلب عبدالمطلب سے تھے۔ مزید برآں یہ کہ وہ آپ ﷺ کے رضاعی بھائی بھی تھے۔ حلیمہ سعدیہؓ نے ان دونوں کو ایک ہی وقت میں دودھ پلایا تھا۔ ان تعلقات کے علاوہ وہ نبوت سے قبل رسول اللہ ﷺ کے نہایت گہرے دوست تھے اور جسمانی طور پر آپ ﷺ سے غیر معمولی مشابہت رکھتے تھے۔

ابوسفیان بن حارث کا شمار اس وقت قریش کے مشہور شہسواروں اور اس کے اونچے درجے کے شعراء میں ہوتا تھا۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی مخالفت اور ان کی دعوت کی مزاحمت میں اپنی تلوار اور زبان دونوں کا بھرپور استعمال کیا اور اسلام کو نقصان پہنچانے اور مسلمانوں کی اذیت رسانی اور انہیں بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنے میں انہوں نے کوئی کسر نہ چھوڑی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ان کی دشمنی کا زمانہ بیس سال کی طویل مدت تک پھیلتا چلا گیا۔ اس دوران میں انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے خلاف سازشوں، ریشہ دوانیوں اور ایذا رسانیوں کے تمام مکروہ حربے استعمال کر ڈالے اور انہیں صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کرنے میں اپنی طرف سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔

ابوسفیان بن حارث فتح مکہ سے کچھ دنوں پہلے نعمت ایمان سے سرفراز ہوئے۔ ان کے دائرہ اسلام میں داخل ہونے کی تفصیلات کتب سیرت میں محفوظ ہیں اور تاریخ کے صفحات نے انہیں ہم تک منتقل کیا ہے۔ وہ تفصیلات انہیں کے الفاظ میں کچھ اس طرح ہیں:-

میں نے اپنے بیٹے جعفر کو ساتھ لیا اور ہم دونوں تیز رفتاری کے ساتھ ''ابواء'' کی طرف چل پڑے۔ ہمیں خبر ملی تھی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم وہیں فروکش ہیں۔ جب مقام ابواء کے قریب پہنچا تو میں نے اپنا حلیہ تبدیل کر لیا تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہونے سے پہلے ہی کوئی مجھے پہچان کر قتل کر دے۔ میں ایک میل تک پیدل چلتا رہا۔ مسلمانوں کے دستے کے بعد دیگرے مکہ کی سمت بڑھتے رہے اور میں ان کے راستے سے ہٹ کر ایک طرف کھڑا ہو گیا۔ مجھے ڈر تھا کہ اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کوئی مجھے دیکھ کر پہچان نہ لے۔

میں اسی حالت میں تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دستے کے ساتھ نمودار ہوئے۔ میں نے آپ ﷺ کی طرف رخ کیا اور جا کر سامنے کھڑا ہو گیا۔ آپ ﷺ نے مجھے نظر بھر کر دیکھا اور مجھے پہچانتے ہی اپنا چہرہ دوسری جانب پھیر لیا۔ میں گھوم کر سامنے آ کھڑا ہوا۔ آپ ﷺ نے پھر مجھ سے اعراض کیا اور میری طرف سے رخ پھیر لیا، میں پھر سامنے آ گیا۔ جب میں آپ ﷺ کے سامنے آتا آپ ﷺ اپنا رخ دوسری طرف کر لیتے۔

میں جناب ابوبکرؓ سے ملا تو انہوں نے بھی میری طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ میں نے جناب عمرؓ بن خطاب کو ایسی تسلی طلب نظر سے دیکھا تو ان کے دل میں نرمی اور ہمدردی کے جذبات بیدار کر دے مگر ان کی نگاہوں میں بھی میرے لیے غصہ، نفرت اور غیظ و غضب کے سوا کچھ نہ تھا۔ اس وقت اچانک میری نظر اپنے چچا جناب عباسؓ پر پڑی۔ میں ان کے پاس پہنچا اور بولا'' چچا جان! خاندان میں اپنے مقام و مرتبہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنے قریبی رشتے کی بنا پر میں سمجھتا تھا کہ نبی ﷺ میرے قبول اسلام سے خوش ہوں گے۔ لیکن ان کا جو رویہ سامنے آیا ہے، آپ جانتے ہیں۔ تو اب آپ میرے متعلق ان سے بات کر کے انہیں مجھ سے راضی کر دیجئے۔

مگر انہوں نے کہا کہ:

''نہیں! اللہ کی قسم! میں تمہارے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعراض کو دیکھ چکا ہوں۔ ایسی حالت میں تمہارے متعلق میں ان سے کوئی بات نہیں کر سکتا۔ میں ان کا احترام کرتا ہوں اور ان سے ڈرتا ہوں۔ البتہ آئندہ موقع محل کی

مناسبت سے کوئی بات کر سکتا ہوں''۔

ان کا جواب سن کر میرے اوپر شدید حزن وملال کی کیفیت طاری ہوئی۔ اس کے تھوڑی ہی دیر بعد میں نے اپنے عم زاد علیؓ بن ابی طالب کو دیکھا اور ان سے اپنے اس معاملے میں بات کی مگر انہوں نے بھی وہی کہا جو چچا عباسؓ نے کہا تھا۔

میں کافی دنوں تک اس صبر آزما صورت حال سے دوچار رہا، آخر کار جب یہ پریشانی میرے لیے ناقابل برداشت ہوگئی تو ایک دن میں نے اپنی بیوی سے کہا:

''اللہ کی قسم! اب میرے سامنے دو ہی راستے باقی رہ گئے ہیں یا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے راضی ہو جائیں، ورنہ میں اپنے اس لڑکے کو ساتھ لے کر نکل جاؤں گا اور زمین میں حیران و سرگرداں پھرتا رہوں گا، حتیٰ کہ ہم دونوں بھوک پیاس سے مر جائیں۔ جب یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی تو وہ کچھ نرم پڑے اور ان کے دل میں میرے لیے ہمدردی، رحمت وشفقت کے جذبات بیدار ہوگئے اور جب خیمہ سے باہر تشریف لائے تو پہلی بار میری طرف محبت آمیز نظر سے دیکھا اور میں نہال ہوگیا۔ مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ لب مبارک کی بند کلی اب کھل اُٹھے گی۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے، میں بھی آپ ﷺ کا ہم رکاب تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد حرام کی طرف روانہ ہوئے۔ میں ڈرتا ہوا آپ ﷺ کے آگے آگے چل رہا تھا، غرضیکہ میں کسی حال میں بھی آپ ﷺ سے جدا نہ ہوتا۔

حنین کی وادی میں بنو ہوازن نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لیے زبردست جمعیت کو اکٹھا کیا اور غیر معمولی تیاریوں اور بے پناہ جوش کے ساتھ آپ ﷺ کے مدمقابل ہوئے۔ انہوں نے اسلام اور مسلمانوں پر آخری اور فیصلہ کن ضرب لگانے کا تہیہ کر رکھا تھا۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لیے صحابہ رضی اللہ عنہم کا لشکر لے کر روانہ ہوئے تو میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل ہو گیا، اور جب میں نے مشرکین کے اس زبردست اجتماع کو دیکھا تو اپنے دل میں کہا: ''اللہ کی قسم! آج میں ان تمام محرومیوں اور کوتاہیوں کی تلافی کر دوں گا جو نبی کریم ﷺ کی مخالفت کے نتیجے میں مجھ سے سرزد ہوئی ہیں۔ آج میں ایسی جرات وشجاعت کا مظاہرہ کروں گا جو میرے تمام پچھلے گناہوں کا کفارہ بن جائے گی، اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ مجھ سے راضی ہو جائیں گے۔''

جب دونوں فوجوں میں مڈبھیڑ ہوئی اور مشرکین کا دباؤ مسلمانوں پر بڑھنے لگا تو ان کے اندر کمزوری اور بزدلی کو راہ مل گئی۔ وہ نبی کریم ﷺ کے اردگرد سے منتشر ہوگئے اور راہ فرار اختیار کر لی اور قریب تھا کہ ہم ہزیمت سے دوچار ہو جائیں۔

اس کٹھن گھڑی میں رسول اللہ ﷺ کی دلیری وشجاعت دیکھنے سے تعلق رکھتی تھی۔ آپ ﷺ میدان جنگ کے بیچوں بیچ اپنے خچر ''شہباء'' پر مضبوط چٹان کی طرح ڈٹے ہوئے تھے اور ایک بپھرے ہوئے شیر کی مانند شمشیر بکف اپنی اور اپنے آس پاس کے لوگوں کی مدافعت کر رہے تھے۔ اس وقت میں اپنے گھوڑے سے کود پڑا اور اپنی تلوار کی نیام توڑ کر پھینک دی۔ اللہ جانتا ہے کہ اس وقت میرا ارادہ یہی تھا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی مدافعت میں لڑتا ہوا آپ ﷺ کے سامنے ہی شہید ہو جاؤں۔ میرے چچا جناب عباسؓ، آپ ﷺ کے خچر کی لگام تھامے ایک جانب کھڑے تھے۔ میں نے دوسری سمت اپنی جگہ سنبھالی۔ میرا دایاں ہاتھ تلوار کے قبضے پر تھا اور بائیں ہاتھ سے نبی ﷺ کی رکاب تھامے دشمنوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دور ہٹا رہا تھا۔

جب رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس طرح بے جگری سے لڑتے ہوئے دیکھا تو بڑے تحسین آمیز انداز میں چچا عباسؓ سے پوچھا: ''یہ کون ہے جو اس طرح دادِ شجاعت دے رہا ہے؟''۔

''یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھائی، آپ کا عم زاد ابوسفیان بن حارث ہے۔ اے اللہ کے رسول! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے راضی ہو جائیں''۔ چچا نے جواب دیا۔

''میں اس سے راضی ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس کی اس ساری عداوت کو معاف فرمائے، جو اس نے اب تک میرے ساتھ کی ہے'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

بقیہ صفحہ نمبر 35 پر......

فروری 2013 کے مؤثر عملیات نظرات کواکب

ناز راٹھور

فنی صلاحیتوں اور پہچان کا حصول

زہرہ تسدیس یورانس

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
07-02-2013	07-02-2013	06-02-2013	تاریخ
19-58	00-08	04-18	وقت

وہ لوگ جو موسیقی، اداکاری اور ایسے دیگر فنون سے وابستہ ہیں اور صلاحیت ہونے کے باوجود اُس مقام پر نہیں جو انہیں ملنا چاہیے کے لیے یہ عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔ اس عمل سے آپ کے ہنر و صلاحیتوں کو تقویت ملے گی اور ہر جگہ اپنی فنی صلاحیتوں کو منوا سکیں گے۔

آبی نقش کو تعداد میں دو تیار کریں۔ ایک نقش کو پانی میں گھول کر اکیس دن تک روزانہ بعد نماز فجر پئیں اور دوسرے نقش کو ندی میں بہا دیں۔ بادی نقش کو تیار کر کے اپنے بازو پر باندھ لیں۔ نقوش کو تیار کرتے ہوئے عملیاتی اُصولوں کا خاص دھیان رکھیں۔ انشاء اللہ ان اعمال کے استعمال سے آپ کی ساری ہچکچاہٹ دور ہو جائے گی اور بھرپور طریقے سے صلاحیتوں کا اظہار کر پائیں گے۔

آبی چال

١١	٨	١	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩
٥	١٠	١٥	٤

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٥٦٠	٥٥٧	٥٤٩	٥٦٣
٥٥٠	٥٦٢	٥٦١	٥٥٦
٥٦٥	٥٥١	٥٥٥	٥٥٨
٥٥٤	٥٥٩	٥٦٤	٥٥٢

یااللہ یااللہ

بادی چال

١٤	١	٨	١١
٧	١٢	١٣	٢
٩	٦	٣	١٦
٤	١٥	١٠	٥

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٥٦٣	٥٤٩	٥٥٧	٥٦٠
٥٥٦	٥٦١	٥٦٢	٥٥٠
٥٥٨	٥٥٥	٥٥١	٥٦٥
٥٥٢	٥٦٤	٥٥٩	٥٥٤

یااللہ یااللہ

انعامی بانڈ میں انعام کا حصول

زہرہ تثلیث مشتری

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
08-02-2013	07-02-2013	06-02-2013	تاریخ
06-34	10-58	15-25	وقت

آسان ذرائع سے پیسے کا حصول اور مجموعی خوشحالی کسے اچھی نہیں لگتی۔ اتنی مہنگائی اور تنگ دستی کے دور میں لاٹری اور نمبرز میں کامیابی کا حصول کسی فرحت سے کم نہیں۔ تحریر کیے گئے نقوش کے استعمال سے خوش قسمتی کے دروازے کھلیں گے اور بہت سے معاشی مسائل باآسانی حل کر پائیں گے۔

آتشی نقش تعداد میں سات تیار کریں اور ہر بدھ کی شام کوئلوں پر جلا کر گھر میں دھونی دیں اور راکھ کو ہرے بھرے جنگل میں دفنا دیں۔ بادی نقش کو اپنے گھر میں اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ جلد حصول مقصد ہوگا اور بانڈ، لاٹری وغیرہ میں کامیابی ملے گی۔

آتشی چال

١	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١٥	٤	٥	١٠

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٦٥٧	٦٧١	٦٦٨	٦٦٤
٦٦٩	٦٦٣	٦٥٨	٦٧٠
٦٦٢	٦٦٦	٦٧٣	٦٥٩
٦٧٢	٦٦٠	٦٦١	٦٦٧

یااللہ یااللہ

بادی چال

١٤	١	٨	١١

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٦٧١	٦٥٧	٦٦٤	٦٦٨

٦٦٣	٦٦٩	٦٧٠	٦٥٨	نقش	٧	١٢	١٣	٢
٦٦٦	٦٦٢	٦٥٩	٦٧٣	←	٩	٦	٣	١٦
٦٦٠	٦٧٣	٦٦٧	٦٦١		٤	١٥	١٠	٥

یااللہ یااللہ

دشمن کو پائی پائی کا مقروض کرنا

مریخ تربیع مشتری

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
11-02-2013	10-02-2013	09-02-2013	تاریخ
21-11	13-12	05-25	وقت

ایک ایسا عمل جو آپ کے دشمن کو مقروض بنا دے۔ اس عمل کے استعمال سے کچھ ہی دن میں آپ کا دشمن تنگدستی کا شکار ہونے لگے گا۔ وہ یہ سمجھنے سے قاصر ہو گا کہ اُس کی تنگدستی کی وجہ کیا ہے۔ مسائل کو حل کرنے کی کوشش میں وہ اُن میں مزید گھرتا چلا جائے گا۔

دیئے گئے چار آتشی نقوش تیار کریں اور بلا ناغہ آدھی رات کے بعد انہیں جس کے لیے عمل کرنا مطلوب ہو کے گھر میں یا اُس کے قریب دفن کر دیں۔ خاکی نقش کو شروع میں دی گئی ہدایات کے مطابق تیار کریں اور کسی ویران جگہ پر جا کر دفنا دیں۔ عمل کے غلط مقاصد کے نتائج کے ذمہ دار ہم نہ ہوں گے۔

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ — آتشی چال

١٢٨٩	١٣٠٢	١٢٩٩	١٢٩٦		١	١٤	١١	٨
١٣٠٠	١٢٩٥	١٢٩٠	١٣٠١	نقش	١٢	٧	٢	١٣
١٢٩٤	١٢٩٧	١٣٠٤	١٢٩١	←	٦	٩	١٦	٣
١٣٠٣	١٢٩٢	١٢٩٣	١٢٩٨		١٥	٤	٥	١٠

یااللہ یااللہ

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ — خاکی چال

١٢٩٦	١٢٩٩	١٣٠٢	١٢٨٩		٨	١١	١٤	١
١٣٠١	١٢٩٠	١٢٩٥	١٣٠٠	نقش	١٣	٢	٧	١٢
١٢٩١	١٣٠٤	١٢٩٧	١٢٩٤	←	٣	١٦	٩	٦
١٢٩٨	١٢٩٣	١٢٩٢	١٣٠٣		١٠	٥	٤	١٥

یااللہ یااللہ

اعتماد کی کمی

اگر آپ اپنے آپ کو ایسی کمزور شخصیت والوں میں شمار کرتے ہیں جس کو خود اپنے اوپر اعتماد نہیں ہوتا اور جو اپنے اندر کوئی نہ کوئی کمی محسوس کرتا ہو تو پھر آپ کو صاف ستھرا "**گارنٹ**" استعمال کرنا چاہیے۔ آپ لڑکی ہیں یا لڑکا، مرد ہیں یا عورت یہ سحری جوہر آپ کے اندر خود اعتمادی اور شخصیت میں محسوس ہونے یا نظر آنے والی تمام خامیوں کا موثر علاج ہے۔ ہمت، اعتماد اور اپنے اوپر بھروسہ پیدا کرتا ہے۔

ساکھ کو نقصان پہنچانا

شمس تربیع پلوٹو

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
27-02-2013	26-02-2013	25-02-2013	تاریخ
05-35	03-27	01-24	وقت

اس عمل کے استعمال سے دشمن کو ہر کام میں شکست کا سامنا کرنا پڑے گا۔ غیر معمولی طور پر اُس کے حالات بگڑنا شروع ہو جائیں گے اور وہ کوئی فیصلہ کرنے سے قاصر ہو گا۔ اس عمل کے استعمال سے وہ شخص یہ سمجھنے کے قابل نہ ہو گا کہ اُس کی راہ میں حائل رکاوٹوں اور شکست کی وجہ کیا ہے۔

چار آتشی نقوش تیار کریں۔ تین نقوش کو باری باری ہر منگل کے دن جس پر عمل کرنا مطلوب ہو کے گھر کے قریب جلائیں اور راکھ اس کے گھر میں ڈال دیں اور چوتھی جمعرات آخری نقش کو قبرستان میں جلائیں اور راکھ کسی سنسان یا ویران جگہ پر دفنا دیں۔

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ — آتشی چال

١٠٢١	١٠٣٥	١٠٣٢	١٠٢٨		١	١٤	١١	٨
١٠٣٣	١٠٢٧	١٠٢٢	١٠٣٤	نقش	١٢	٧	٢	١٣
١٠٢٦	١٠٣٠	١٠٣٧	١٠٢٣	←	٦	٩	١٦	٣
١٠٣٦	١٠٢٤	١٠٢٥	١٠٣١		١٥	٤	٥	١٠

یااللہ یااللہ

☆☆☆☆☆

حکیم سرفراز احمد زاہد، ملتان۔

تسخیر، رجوع و حسب منشا شادی

تثلیث زہرہ مشتری

مکمل ایک سال ہو گیا ہے کہ محترم اسحٰق راٹھور صاحب پابندی سے ہر ماہ رسالہ ارسال کر رہے ہیں اور میں متواتر تسلسل سے غیر حاضر رہا۔ دسمبر 2012 کا شمارہ ملا تو اس کے ساتھ ایک مختصر سا نوٹ تحریر تھا کہ آپ کے مضامین کا انتظار رہے گا۔ کچھ احساس ہوا کہ جناب راٹھور صاحب رسالہ بھیجنے سے باز نہیں آئے اب تو تم (یعنی حکیم سرفراز احمد زاہد) مضامین نہ لکھنے کی ضد سے باز آ جاؤ۔ بہرحال مصمم ارادہ کر لیا کہ اب انشاء اللہ کوشش کروں گا کہ ہر ماہ بزم رسالہ میں حاضری ہوتی رہے۔ اسی بنا پر فون پر ایک معمولی سی وضاحت کے لیے بات ہوئی، وضاحت کوئی نہ تھی۔ لیکن ایک بہانہ تھا بات کرنے کا۔ پچھلے ہفتہ ایک دن کے لیے لاہور آیا، لاہور ہوٹل میں قیام تھا۔ ملتان سے چلتے ہوئے ذہن میں تھا کہ اگر وقت ملا تو راہنمائے عملیات کے آفس جاؤں گا لیکن ملاقات کا وقت نہ مل سکا۔ بہرحال فون پر بات چیت کے دوران نایاب کتب کا تذکرہ چل پڑا کہ ان کا اُردو ترجمہ کروا کر شائع کیا جائے۔ اس پر کام ہو رہا ہے۔ جیسے ہی ان نایاب کتب کا ترجمہ اُردو میں ہو گا خالد اسحٰق راٹھور صاحب اِن کو شائع کریں گے۔

6 فروری تا 8 فروری 2013 میں زہرہ مشتری کی تثلیث ہو گی۔ زہرہ محبت کا ستارہ ہے اور مشتری مال کا۔ دونوں سعد ستارے ہیں اور نظر تثلیث بڑی سعد نظر ہوتی ہے۔ اس وقت دو قسم کے کام ہو سکتے ہیں۔ اس وقت کی تاثیر سے دو دل ایک ہو سکتے ہیں۔ ایک ساتھ دھڑک سکتے ہیں۔ دو دشمنوں کو ایک بنایا جا سکتا ہے۔ دوست بنایا جا سکتا ہے۔ سرکشوں کو تسخیر کیا جا سکتا ہے۔ افسران بالا کو اپنے حق میں کیا جا سکتا ہے۔ دو ناراض دلوں کی کدورت دور کی جا سکتی ہے۔ کسی خاص جگہ شادی کرنے کا ارادہ ہو اور فریق ثانی یا والدین رشتہ داروں میں کوئی مخالف ہو یا میاں بیوی میں چخ چخ چل رہی ہو۔ بیوی روٹھ کر چلی گئی ہو۔ اس وقت دونوں کو یکجا کیا جا سکتا ہے۔ گھر سے کوئی بھاگ گیا ہو اس کو بلایا جا سکتا ہے۔ میاں بیوی میں چاہے طلاق کی خاطر عدالت تک نوبت چلی گئی ہو۔ اس کو دوبارہ سنبھالا جا سکتا ہے۔

دوسرا کام یہ ہے۔ ایسے لوگ جن کا تعلق براہ راست عوام سے ہو مثلاً حکیم ڈاکٹر، وکلا، پراپرٹی ڈیلر دکاندار کمیشن ایجنٹ، روحانی عاملین وغیرہ وغیرہ ایسے لوگ مخلوق جان انجان کو اپنی طرف متوجہ کرنے زیادہ سے زیادہ مخلوق کی تسخیر کے لیے عوام کی بھیڑ کے لیے تسخیر و رجوعات مخلوق کا کام لے سکتے ہیں۔

اس وقت میں عمل تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نام مطلوب سے والدہ کے حروف الگ الگ کر کے ایک سطر میں لکھیں۔ ہر حرف کے مطابق اسم الٰہی تلاش کریں۔ مثلاً مطلوب کا نام راحیلہ تو حروف ر ا ح ی ل ہ ہوئے اسم الٰہی رفیع۔ اللہ۔ حی۔ یٰسین۔ لطیف اور ھادی ہوئے۔ اب ہر حروف کو ملفوظی کریں۔ ان کے اعداد لیں ان اعداد کا استنطاق کر لیں اور مفرد کر لیں۔ آگے کلمہ (ایل) لگا کر موکل کا نام پیدا کیا جائے۔ اگر اعداد 9 سے زائد ہوں تو مفرد کر لیں۔ مثلاً پہلا حرف رہے ملفوظی کیا تو (را) ہوا 2+1=3 ہوئے اور موکل جائیل ہوا۔ دوسرا حرف الف اعداد 111 مفرد 3 اور موکل جائیل۔ تیسرا حرف حا عدد 9 موکل طائیل چوتھا حروف یا مفرد 2 موکل بائیل۔ پانچواں لام عدد 8 موکل حائیل اور چھٹا حرف ھا عدد 6 موکل وائیل ہوا۔ اب اس کی عزیمت یہ بنی۔

اجب یا جائیل مسخر قلب الرابحق یا رفیع. اجب یا جائیل مسخر قلب الف بحق یا الله. اجب یا طائیل مسخر قلب جا بحق یا حی. اجب یا بائیل مسخر قلب یا بحق یسین. اجب یا حائیل مسخر قلب لام بحق لطیف. اجب یاوائیل مسخر قلب هابحق یا هادی فی المحبت والمودة راحیله بنت سلمٰی.

جب اسم مطلوب کی عزیمت تیار ہو جائے تو اسی طرح طالب معہ والدہ کے ہر حرف کا اسم الٰہی اور موکل بنا لیں۔ اب تمام حروف طالب معہ

والدہ کے اعداد اسماء الٰہی کے اعداد ان کے موکلات کے اعداد جمع کریں۔ اسی طرح مطلوب کے کل اعداد نکال کر الگ الگ جمع کرلیں۔ اب ایک مربع آتشی نصفی پُر کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے 120 تفریق کریں اور 4 پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر چار چار کے اضافہ سے نقش پُر کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو خانہ 13 میں 2 بچے تو خانہ 9 میں اگر 3 بچے تو خانہ پانچ میں ایک کا اضافہ کریں۔ اس طرح لب مع والدہ، مطلوب مع والدہ۔ اسم الٰہی اور موکلات کے اعداد کو ایک ہی مربع میں پُر کریں۔ مگر الگ الگ۔ اس طرح کہ مربع کے ہر خانہ کو دو دو کرلیں۔ اس کی مثال حاضر ہے۔

مثلاً مطلوب مع والدہ اسم الٰہی اور موکلات کے کل اعداد

(1) 719=4÷2876=120-2896

طالب معہ والدہ اسم الٰہی اور موکلات کے اعداد

1665=4÷6660=120-6780

نوٹ: اگر نقش بلا کسر ہو تو تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ نقش آخر میں ہے۔

یہ نقش 8 عدد زعفران سے تحریر کریں۔ رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے زہرہ و مشتری کے بخورات سلگا کر نقش لکھیں۔ 6 نقوش کے فتیلے بنا لیں اور صاف روئی میں لپیٹ کر چنبیلی کے تیل میں ڈبولیں۔ ایک نقش بازو پر باندھ لیں اور ایک مطلوب کی گذرگاہ میں دفن کردیں۔ اب 6 فروری تین ساعتیں دو مشتری اور ایک زہرہ کی ملے گی۔ 7 فروری بروز جمعرات دن اور رات میں پانچ ساعتیں ملیں گی اس کے بعد تثلیث کا وقت ختم ہو جائے گا۔ اس طرح کل 8 ساعتیں کام اور عمل کے لیے حاصل ہوں گی۔ اب زہرہ یا مشتری میں نقوش لکھ لیں۔ باقی 6 ساعتوں میں 6 نقوش کے فتیلے جلانے ہیں۔ جب پہلی ساعت آئے تو ایک فتیلہ چنبیلی کے تیل میں ڈبو کر نئے چراغ میں رکھ کر جلائیں۔ کمرہ تنہا ہو اور نام مطلوب والی عزیمت پاس بیٹھ کر ایک سو بیس بار پڑھیں۔ چراغ کا رُخ مطلوب کے مکان کی طرف ہو اگر وقت ساعت ختم ہو جائے اور فتیلہ باقی رہ جائے تو فتیلہ کو جلنے دیں، لیکن عزیمت کی تعداد پوری ہونی چاہیے، تصور سے بیٹھے رہیں۔ اگلی ساعت میں دوسرا فتیلہ روشن کریں اور عزیمت ایک سو بیس بار ورد کریں۔ غرض یہ کہ چھ ساعتوں میں جو زہرہ اور مشتری کی ہوں گی یہ فلیتے روشن کرنے ہوں گے۔ اگر محبت سچی اور طلب صادق ہے اور مقصد کی بھی جائز ہے تو اپنی زندگی کا ایک دن رات اس داؤ پر لگا دیں۔ انشاء اللہ وقت اور محنت ضائع نہ جائے گی اور مطلوب اطاعت سے گریز نہ کرے گا اور خدمت میں حاضر ہوگا۔

ایک ساعت میں پڑھ لو تو چراغ بجھا کر احتیاط سے سنبھال کر رکھ دو۔ تا کہ اس سے دوسری ساعت میں کام لیا جاسکے۔ تیل کم ہو جائے تو اور ڈال دو۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ فتیلہ تیل میں ڈبو کر استعمال کریں تا کہ جلتا رہے اور ایک ساعت میں مکمل ہو جائے۔ یہ عمل خاص مجربات سے ہے۔ تقریباً پندرہ سال قبل ایک رسالہ میں لکھا تھا۔ یہ عمل مجھے ایک صاحب عمل بزرگ سے عطا ہوا تھا۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ میں نے اسے دو دفعہ آزمایا تھا ایک دفعہ حسب منشاء ملازمت اور دوسری دفعہ رجوع و تسخیر رزق کے لیے۔ کیونکہ میرے نزدیک کسی عورت سے زیادہ مطلوب کے طور پر علم، رزق اور تسخیر زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ ہر کسی کا اپنا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے۔ یہ عمل کبھی خطا نہیں کرتا۔ ہزار تسخیر کے عمل ایک طرف اور یہ جفر کا اکیلا عمل ایک طرف۔ تیر کی طرح کام کرے گا۔ اگر آپ نے صحیح استخراج کرلیں تو اس کے اثرات 24 گھنٹوں میں خود اپنی آنکھوں سے دیکھو گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جـــرائـــیل

۷۴۷ / ۱۶۹۳	۷۵۹ / ۱۷۰۵	۷۷۱ / ۱۷۱۷	۷۱۹ / ۱۶۶۵
۷۶۷ / ۱۷۱۳	۷۲۳ / ۱۶۶۹	۷۴۳ / ۱۶۸۹	۷۶۳ / ۱۷۰۹
۷۲۷ / ۱۶۷۳	۷۷۹ / ۱۷۲۵	۷۵۱ / ۱۶۹۷	۷۳۹ / ۱۶۸۵
۷۵۵ / ۱۷۰۱	۷۳۵ / ۱۶۸۱	۷۳۱ / ۱۶۷۷	۷۷۵ / ۱۷۲۱

نوٹ: ہر نقش کے نیچے مطلوب کی عزیمت لکھی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

ایم مصدق قریشی، ایبٹ آباد۔

کشکول

ناسور(زخم) اور بھگندر وغیرہ کے لیے

اگر کسی کو ناسور کا زخم ہو گیا ہو یا بھگندر ہو گیا ہو تو اس کے لیے سورۃ اعلیٰ باوضو روزانہ ایک مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناسور اور بھگندر کی تکلیف سے آرام ہوگا۔

امتحان میں کامیابی کے لیے

امتحان کے دنوں میں درج ذیل تعویذ باوضو لکھ کر گلے میں پہنیں یا بازو پر باندھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحمن

ب xxxxxxxxx

ا xxxxxxxxx

الملک القدوس الملک القدوس الملک القدوس

امتحانات کے بعد عشاء کی نماز ادا کر کے اول و آخر 11+11 بار درود شریف کے ساتھ 41 بار سورہ کوثر رزلٹ آنے تک پڑھا کر دعا کریں۔

عمل استخارہ (لاجواب)

مکان کی بالائی منزل پر کاغذ پر لکھے۔

یاخابحق یا میکائیل

پھر دو رکعت نماز استخارہ برائے دریافت حالات وغیرہ پڑھ کر 70 بار یاخابحق یا میکائیل پڑھ کر اور لکھا ہوا کاغذ سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں، خواب میں حالات کا مشاہدہ ہوگا۔ بلند جگہ پر کاغذ پر حروف بالا لکھنے ہیں۔ باقی تمام کام کمرہ میں کرنا ہے۔

نقش عجیب

یہ خاص تعویذ ہر ایک کام میں مدد کرتا ہے۔ یہ عمل ہر نئے چاند کی چار تاریخ کو ہو سکتا ہے اور ایک دن میں ایک ہی غرض کے لیے صرف ایک ہی کام لیا جا سکتا ہے۔ دوسرے مقصد کے لیے آئندہ ماہ کا انتظار کریں۔ چاند کی 4 تاریخ کو سورج نکلنے کے بعد 12 بجے تک کسی بھی نیک ساعت میں نقش کو سفید کاغذ پر تمام لوازمات کے ساتھ زعفران سے لکھو۔ رجال الغیب کو پشت پر رکھ لیں اور نیچے نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ یا کوئی دیگر کام یا مقصد ہو تو وہ لکھیں۔ اِس نقش کو سامنے رکھ کر 536 بار یہ عزیمت پڑھو۔ کالی چڑی نس بھوری انت فی امری اپنا نام لو معہ والدہ کی محبت میں فلاں نام مطلوب معہ والدہ نام بے قرار کر دیا مقصد کا نام لو۔ اب نقش کو اُونچی جگہ لٹکا دو جہاں ہوا سے ہلتا رہے۔ دوسرے دن نقش کو اُتار لو پھر اِس عزیمت کو اتنی ہی مرتبہ پڑھ کر دم کر کے لٹکا دو۔ چار دن ایسا کرو۔ کامل اُمید ہے کہ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا یا کوئی دشمن دوست بن جائے گا۔ یا کوئی بھی کام ہوا تو انشاء اللہ ہو جائے گا۔

نقش

۵۴۳	۵۳۶	۵۴۱
۸۳۸	۵۴۰	۵۴۲
۵۳۹	۵۴۴	۵۳۷

نام طالب معہ والدہ

چال

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

نام مطلوب معہ والدہ و مقصد وغیرہ

عشق کی آگ ٹھنڈی کرنا

جو لڑکا یا لڑکی عشق کے مرض میں مبتلا ہو اور اس کے دل سے اس آگ کو سرد/ٹھنڈا کرنا ہو تو سورۃ العصر یا سورۃ تبت ید انمازی آدمی سے لکھوا کر پلانی چاہیے یا مثلث میں اِن کے اعداد پُر کر کے پلانا چاہیے اور ایک نقش تکیہ کے اندر رکھنا چاہیے۔ اگر لڑکا لڑکی آوارہ ہوں تو عدد 5041 میں نام معہ والدہ ملا کر مثلث حسب طریقہ پُر کریں اور سات نقش پلائیں۔ آوارگی سے دل سرد ہو جائے گا اور سکون پیدا ہوگا۔ مثلث کی چال آبی ہو۔

واپسی گریختہ

اس نقش کو باوضو ساعت عطارد (نیک) میں لکھ کر سبز کپڑا ریشمی میں باندھ کر چرخہ میں باندھیں اور روزانہ صبح وشام چرخہ بائیں طرف سے چند گھنٹہ زور سے گردش دیتے رہیں۔ انشاء اللہ جلد واپس آئے گا۔

یا تبکفیل

یا بدوح
فلاں بن فلاں حاضر شود

عمل اتوار

(۱) بسط کبیر ۱۱۴۲ (۲) جلب الخیر عدد ۸۷۶ (۳) یوم الاحد عدد ۱۰۰ (۴) النہار عدد ۳۴۷ (۵) حارم سفلی الاحمر عدد ۲۸۰ (۶) الساعۃ الاولیٰ عدد ۶۴۰ (۷) الشمس عدد ۴۳۱ (۸) حارم علوی اوقیائیل عدد ۳۴۷ (۹) اسماء الحسنیٰ ملک نور عدد ۳۶۴ (۱۰) اسمائے سریانی ملصظ ھسکقح معکیفط عدد ۱۵۴۳

مجموعہ ان تمام کا ۶۰۱۰ ہوا۔ شمار حروف بسط ۸۲ ہوتے ہیں۔ کل جمع کر دیں تو ۶۰۹۲ ہوئے۔ اب ان اعداد کا ایک مربع آتشی پُر کریں اور اس کے اردگرد اسماء اللہ بزبان سریانی کی یہ عزیمت لکھیں۔

۱۱۱ ۱۱۱ ۸۸ ل ۸۱ و ح ۱۱ عـہ ۱۱

۱۱۱ ۱۱۱ ۱۱۵ ۸۵۵ ۹۱ ۱۱ م د د

اگر کوئی اتوار کا دن ہے کوئی ایسا کام آ پڑا ہے۔ جس میں کامیابی کی اُمید نہ ہے تو اس عمل کو تیار کریں۔ خواہ دن کیسا ہو اور ستارہ کی حالت کیسی ہی ہو یہ عمل کام کرے گا۔

اتوار کے دن طلوع آفتاب کے وقت ساعت شمس (سعد) میں لوح طلاء یا حریر طلا یا سنہرے کاغذ پر اپنے نام کا نقش لکھے۔ اس کے دوسرے طرف وفق عزیمت مندرجہ بالا نقش اتوار لکھے۔ اس ستارہ کے مطابق بخور جلائے۔ جو یہ ہے۔ صندل۔ سندرس۔ زعفران۔ دارچینی۔ عود۔ اب نقش کو دھونی دے کر گلے میں ڈال لے یا بازو بند بنالے۔ پھر اسمائے حسنیٰ کو ۳۶۴ مرتبہ ورد کرے۔ اسمائے سریانی کو ۴۸ بار پڑھے پھر اللہ نور السموات والارض بکل شئی علیم کو سات بار پڑھ کر پھر اسمائے سریانی ۴۸ بار


فاسد مادے

مغرب میں پیری ڈ اٹ مال وزر سے منسوب جوہر ہے لیکن اس کی ایک اور بڑی اہم خاصیت ہے جو اس کے اثرات کو اور جلا بخشتی ہے۔ پیری ڈاٹ ان تمام افراد کو لازم استعمال کرنا چاہیے یا کروانا چاہیے جن کے جسم اور خون میں فاسد یا زہریلے مادوں کی زیادتی ہے۔ سگریٹ کے اثرات ہوں یا دیگر زہریلے مادے یا جسم پر چھوٹے موٹے دانے، پھنسی یا چہرے پر بننے میں چھوٹے چھوٹے مسام اور دیگر متفرق مادے ان سب کے علاج کے لیے پیری ڈ اٹ کو استعمال کریں۔ اللہ شفا دے گا۔

پڑھے۔ اپنے مقاصد کی دعا مانگ کر لوح پر دم کر کے استعمال میں لائے یا جس شخص سے کام ہو اس کے پاس جائے۔ حق تعالیٰ مقصد میں پورا کر دے گا۔ اس کے دل کو روشن کرے گا۔ بہت قوت دے گا۔ دوسرا شخص کام پورا کرے گا۔ خواہ دشمن ہی کیوں نہ ہو۔

عمل گمشدہ چیز وغیرہ

ایک سفید کاغذ لے لیں۔ کاغذ کے چاروں کونوں پر الشہید الحق اسم لکھیں۔ درمیانی میں چیز یا آدمی گمشدہ کا نام لکھیں۔ اسے تہہ کر کے پاس رکھ لیں۔ پھر کھلے آسمان کے نیچے اس اسم کو ستر بار پڑھے۔ انشاء اللہ گمشدہ چیز یا آدمی آپ کے پاس جلد آئے گا۔



جس سوموار، جمعرات، جمعہ کو قمر برج ثور یا سرطان میں ہو۔ آپ یہ وقت خالد روحانی جنتری میں دیکھ سکتے ہیں۔ تو آپ یہ نقش مکمل طریقہ سے لکھ کر محفوظ کر لیں۔ رات کو تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ سونے سے پہلے لاتعداد مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے رہیں۔ حتیٰ کہ نیند آ جائے۔ خواب

میں نمبر بتا دیا جائے گا۔ یہ نقش زندگی میں ایک بار کام کرے گا۔

نقش

١٨٩	٢٠٢	١٩٩	١٩٦
٢٠٠	١٩٥	١٩٠	٢٠١
١٩٤	١٩٧	٢٠٤	١٩١
٢٠٣	١٩٢	١٩٣	١٩٨

چال

١	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١٥	٤	٥	١٠

عمل اندرونی کنسیر

جب قمر برج حمل میں ہو (یہ وقت خالد روحانی جنتری میں دیکھ لیں) یہ وقت جب بھی ہو تو بعد از نماز عشاء زعفران سے سفید کاغذ پر کاھی کے قلم سے یہ لکھیں۔

الف= 142 مرتبہ

لام= 102 مرتبہ

طا= 41 مرتبہ

یا= 42 مرتبہ

فا= 112 مرتبہ لکھ کر ایک چینی کے پیالہ میں ڈال کر پانی ڈال دیں۔ رات کو ڈھک کر چھوڑ دیں۔ صبح نہار منہ تمام پانی پلا دیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔ ایک دفعہ کا عمل ہے۔

طلسماتی قلم کا عمل

پرندہ ھدھد کو لے کر منگل کے روز ذبح کر کے اور اس کا خون لے کر کاھی کی قلم پر مل دیں۔ اِس طرح اتوار کو اُلو کا خون لے کر اِسی کاھی کی قلم پر مل دیں۔ دونوں خون اتنا لگائیں کہ قلم میں خوب جذب ہو جائیں۔ پھر اس قلم سے جو دعا اور تعویذ چاہو لکھیں جس کو دو گے، انشاء اللہ اس کا کام ہوگا۔

حب کا ایک چٹکلہ

اگر کوئی دوست یا افسر اعلیٰ ناراض ہے تو اس عمل قرآنی سے اِسے مہربان بنا سکتے ہیں۔ اگر کوئی شخص خلاف شرع کام کے لیے زحمت نہ کرے، نفع نہ ہوگا۔ یہ عمل رات 12 بجے سے لے کر صبح اذان سے پہلے کسی بھی وقت کر سکتے ہیں۔ مہینہ و دن کی کوئی قید نہ ہے۔ نہ ہی کسی پرہیز کی ضرورت ہے۔

حسب ضرورت برادہ صندل سفید اور ایک سو ایک سیاہ مرچ لے لیں اور اپنے پاس رکھو۔ کوئلہ دہکا کر اپنے سامنے رکھ لو ایک مرچ سیاہ تھوڑا سا برادہ چٹکی میں لے کر اس کو کوئلہ میں ڈال دیں۔

اس طرح 101 مرچ سیاہ ختم کر دیں۔ یہ عمل صرف 7 یوم عروج ماہ قمری میں کریں۔ اللہ نے چاہا تو ہفتہ کے اندر اندر آپ کا دوست اور افسر اعلیٰ مہربان ہوگا۔ عمل کرنے کے دوران اس شخص کا تصور ضرور رکھیں تاکید ہے۔ عمل ہر مرچ پر ایک دفعہ پڑھ کر جلائے جائیں۔ عمل ذیل ہے۔

یامھیمن یا ودود یا ودود یا مھیمن

عمل برائے باطنی آنکھ

نماز فجر، تہجد، عشاء کا ایک وقت مقرر کر لیں۔ اول آخر 101 بار درود ابراہیمی پھر 1100 بار یا باطن آنکھیں بند کر کے مراقبہ کی حالت میں پڑھیں تصور رکھیں کہ مخفی مخلوق کو دیکھ رہے ہیں۔ انشاء اللہ 41 دن بعد کامیابی ہوگی۔ عمل کرنے سے پہلے کسی صاحب علم سے اجازت ضرور بضرور لے لیں۔ تاکید ہے۔ ادارہ پابند و ذمہ دار نہ ہوگا۔

عمل رزق و معیشت کی وسعت

روزانہ باوضو ہو کر اور قبلہ رُخ ہو کر سورۃ "ق" کو ہر روز 3 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ یہ عمل ہر مشکل میں آزمایا گیا ہے۔

حمل نہ ٹھہرتا ہو

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو اور شک رہتا ہو تو اس عزیمت کو پڑھ کر ڈورا عورت کے گلے میں ڈال دیں اور اس عمل کی سات گرہیں دیں۔

الف نام اللہ تعالیٰ قدرت رحمانی

سچا کلمہ دین کا اور بہشت نشانی

اور ٹالے جب نہ لگے قدرت ربانی

سپتل شیو سارا دان چار چگ کلام بھچانی

سوا لاکھ اِسی ہزار پیغمبر اور پیر کی دھانی

ڈورا گلے میں باندھ کر 21 دن تک مندرجہ ذیل بزرگوں کے نام کی نیاز دے۔ حضرت شاہ کمال۔ حضرت لال ریال۔ حضرت بال ماصاحب۔ حضرت شاہ سکندر۔ حضرت نبا بنوئی۔ حضرت خواجہ علی شہید۔ حضرت تا کبڑ غازی۔ خیرات میں گھی 7 سیر چاول سوا سیر۔ گیہوں 1/2۔ چینی ایک پاؤ رکھے۔ یہ 21 دن کی نیاز ہے۔ اکٹھی دے یا علیحدہ علیحدہ دے۔

رجوع برائے نکاح

اگر عورت نکاح پر راضی نہ ہوتی ہو تو زعفران سے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر روغن زرد (دیسی گھی) اوپر ٹپکائے اور اس کو برفی یا کھویا یا چینی پر ذرا سا ڈال دے۔ تاکہ حروف معلوم نہ ہوں۔ پھر اس عورت کو کھلا دے تو وہ نکاح پر راضی ہو جائے گی۔ نقش ذیل ہے۔

بحق کھیعص	وبحق حمعسق	یس و القران
الحکیم	المعص ن	والقلم
وما یسفرون	ایاک نعبدو وایاک	نستعین برحمتک یا ارحم الراحمین

فلاں بن فلاں کو رجوع کرد تا در نکاح فلاں بن فلاں آید

عمل گرد نامہ معروف کرخی

اس کی اجازت عام ہے۔ اگر کوئی شخص بھاگ جائے یا غائب ہو جائے اور اس کی کوئی خبر نہ ملے۔ تو اس نقش کو لکھ کر غائب کے کپڑے میں سی کر مکان میں لٹکائیں یا کوئی درخت ہو تو اس پر باندھیں۔ 40 دن کے اندر اندر اس کی خبر ملے یا اس کا دل گھر کی طرف پھر جائے گا۔

کھیعص
بحق اللہ
کھیعص
بحق حضرت آدم و حوا فلاں بن فلاں حاضر شود. بحق لا الا الہ اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کھیعص
بحق اللہ
کھیعص

عمل ہر قسم کے پھوڑے کے لیے

اگر کوئی ایسا پھوڑا جو علاج سے دور نہ ہوتا ہو۔ یا جسم پر ایسے پھوڑے

نکلیں جن سے صحت نہ ہوتی ہو۔ تو اِس اسم کو سات سات مرتبہ پڑھکر اس طرح دم کرے کہ ایک بار انگلی زمین پر رکھے اور پڑھے اور پھر ایک بار پھوڑے پر رکھے اور پڑھے۔ چند یوم کے دم سے انشاء اللہ پھوڑا ختم ہو جائے گا۔ نازک سے نازک مقام پر جہاں آپریشن کا بھی خوف ہو دم کرنے سے پھوڑا جاتا رہے گا۔ اسم یہ ہے۔

بسم اللہ تربۃ بریقۃ بغضنا یشفی سقیمنا باذن ربناo

دم کرنے والوں کو چاہیے کہ اِس کی زکات ادا کرے۔ ۴،۳ بار روزانہ 40 روز تک پڑھے۔ زکات ادا ہو جائے گی۔ مگر خالی/ننگی زمین پر بیٹھ کر پڑھے۔ کپڑا بچھا کر نہ بیٹھے۔

عمل دفع مسوں کے لیے

(۱) مسوں کی تعداد کے برابر گندم کے دانے لے کر ہر دانے پر سورہ توحید پڑھ کر اور ان دانوں کو مسوں پر مل کر نم دار جگہ پر دفن کر دیں۔ ایک دن اور ایک دفعہ کا عمل مسوں سے نجات دلائے گا۔

(۲) مسوں کی تعداد کے برابر چنے لے کر ہر مسہ پر ایک چیز کا دانہ لے کر ملیں۔ پھر ان کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر یہ عمل چاند کی ابتداء کی تاریخوں میں کریں۔ پھر اس کپڑے کی پوٹلی کو دونوں پاؤں کی درمیان سے اپنی پیٹھ کی جانب شانوں کی طرف اچھال دیں۔ مہینہ کی آخری تاریخ تک مسے ختم ہو جائیں گے۔

ریاض احمد شہزاد، بھمبر، آزاد کشمیر۔

امتحان میں کامیابی

لفظ امتحان ایسا ہے کہ یہ لفظ سنتے ہی بندہ پریشان ہو جاتا ہے کہ یہ امتحان کیسا ہوگا۔ کیا یہ امتحان میں دے پاؤں گا یا کہ نہیں۔ امتحان لینے اور امتحان دینے میں فرق ضرور ہے مگر ہے یہ عجیب لفظ۔

کچھ لوگ امتحان کا لفظ سنتے ہی حیران و پریشانی ہو جاتے ہیں اور کچھ خوشی، بخوشی امتحان دینے کے لیے تیار ہوتے ہیں۔ جن لوگوں نے اس امتحان کے لیے جو انھوں نے دینا ہوتا ہے قبل از وقت تیاری کی ہوتی ہے۔ اُن کے لیے پریشانی نہیں ہوتی۔

امتحان کوئی بھی ہو لیکن ہے یہ مشکل مرحلہ۔ ہماری زندگی بھی ایک امتحان ہی کی طرح ہے۔ اس امتحان کے لیے بھی ہمیں تیاری کرنی چاہیے۔ تاکہ بروقت امتحان دینے میں پریشانی نہ ہو اور ہم اس امتحان میں کامیاب ہو سکیں۔ یہ دنیا عارضی ہے جس کی ہمیں کتنی فکر رہتی ہے جبکہ وہ زندگی ابدی ہے۔

ہر کسی کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ میں جو بھی امتحان دوں اس میں مجھے کامیابی ملے۔ کامیابی تب ملے گی میرے عزیز جب آپ نے اس کے لیے تیاری کی ہوگی۔ اس تیاری کے لیے محنت و لگن کی ضرورت ہے۔ جو محنت سے نہیں گھبراتے وہ ضرور کامیاب ہوتے ہیں۔ آج اِس امتحان کے موضوع پر امتحان میں کامیابی کا عمل خاص پیش کیا ہے جو آزمودہ ہے۔

اس عمل کو پڑھیں اور کامیاب ہو جائیں۔ اس عمل کو پڑھنے کے ساتھ ساتھ طالب علم کو پڑھائی میں دلچسپی لینا بھی ضروری ہے۔

ترکیب عمل:

امتحان کی تاریخ سے اکتالیس یوم قبل ہر روز بلاناغہ ہر نماز کے بعد اس طرح پڑھے کہ فجر کی فرض نماز سے قبل یعنی سنت اور فرض نماز کے درمیان۔ نماز عصر سے قبل دو رکعت نماز نفل پڑھنے کے بعد، ظہر، مغرب اور عشاء کی نماز کے بعد سجدہ کی حالت میں یہ عمل پڑھے۔ اول و آخر درود پاک 7 بار پڑھے۔ اس عمل کو حفظ کر لیں۔ تاکہ عمل کے پڑھنے کے دوران کہیں غلطی نہ واقع ہو جائے تاکہ اثرات میں کمی نہ واقع ہو۔ یاد رہے کسی بھی عمل کو پڑھنے کے دوران اُس کام کا تصور کرنا ضروری ہے۔ عمل پڑھنے کی تعداد جو مقرر کی گئی ہو۔ اُس تعداد میں پڑھیں تعداد میں کمی بیشی نہیں ہونی چاہیے۔ جس طرح عمل کی ترکیب ہو اسی ترکیب سے پڑھیں۔ اگر ان نکات کو آپ نے خوب سمجھ لیں تو آپ کامیاب ہو جائیں گے۔ بے ترتیبی سے عمل میں نقص واقع ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے کامیابی نہیں ہوتی۔ عمل کا ذکر کسی سے نہ کریں اور نہ ہی کوئی خواب ظاہر کریں۔ عمل یہ ہے:-

(۱) سبحان الذی لیس العزة الا به.

(۲) سبحان الذی تعطف باالمجد و تکرم به.

(۳) سبحان الذی احصی کل شیء بعلمه.

(۴) سبحان الذی لاینبغی التسبیح الا له.

(۵) سبحان ذی الفضل والمن.

(۶) سبحان ذوالعزة والتکریم.

(۷) سبحان ذی الطول والحکم اسئلک بما درعزک وعرشک ومنتهی الرحمة من کتابک وباسمک الاعظم وجدک الاعلی وکلمات التامات التی لایجاوزهن بر ولا فاجر من تصیلی علی محمد و علی ال محمد

عمل پڑھنے کے بعد کی دعا

سجدہ سے سر اٹھا کر بارگاہ الٰہی میں اس طرح یہ دعا مانگے کہ یا اللہ مجھے امتحان میں کامیابی عطا فرما میرے پرچوں کی پڑتال کرتے ہوئے اگر پرچوں میں کوئی غلطی ہو تو ممتحن کی نظروں سے اس غلطی کو دور فرما اور اُسے صحیح دکھلا۔

یہ وظیفہ اگر کوئی طالب علم خود نہ کر سکے تو اُس کا کوئی سرپرست یا والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وظیفہ پڑھنے کے بعد دعا میں طالب علم کا نام ضرور لے۔ اس طرح کہ یا اللہ فلاں بن/ بنت فلاں (نام طالب علم معہ نام والدہ) کو امتحان میں کامیابی عطا فرما۔ اس کے پرچوں کی پڑتال کرتے ہوئے اگر پرچوں میں کوئی غلطی ہو تو ممتحن کی نظروں سے اس غلطی کو دور فرما اور اُسے صحیح دکھلا۔

خضر عباس پیاسی، راجن پور۔

اعمال نسواں

حیض کا بند ہو جانا

بلوغت سے قبل اور سن یاس کے بعد حیض نہ آنے کو بیماری میں شمار نہیں کرتے۔ جگر کی بیماریاں، جریان خون، بواسیر، نکسیر پھوٹنا، فاقہ کشی ان سے خون کی کمی ہو جاتی ہے۔ جسم میں اتنا خون نہیں ہوتا جو بصورت دیگر حیض خارج ہو۔ رحم میں بلغمی مادوں اور چربیلے اجزا جمع ہو کر رحم کی اندرونی جھلی پر جم جاتے ہیں۔ اس سے بھی حیض رُک جاتا ہے۔

مندرجہ ذیل نقش کو عرق بادیان میں رات کو بھگو دیں، صبح نہار منہ عرق پی جائیں، انشاءاللہ تعالیٰ عظیم افاقہ ہوگا۔

١

٢ | ٤

١٢	١٥	١٨	٥
١٧	١٦	١١	١٦
٧	٢٠	١٣	١٠
١٤	٩	٨	١٩

٣

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھو الشافی | ھو الشافی

یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح
یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح
یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح
یافتاح	یافتاح	یافتاح	یافتاح

جب آپ نقش لکھ چکیں تو نقش کے اوپر تین مرتبہ ھوالشافی لکھیں پھر عرق بادیان میں بھگو دیں۔

حمل کی حفاظت

حمل کی حفاظت کے لیے آملہ کا مربہ ایک عدد گٹھلی نکال کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر اس پر اسمائے الٰہی ''یا باری یا مصور'' 300 مرتبہ پڑھ کر برابر کھاتے رہیں۔ اس کے علاوہ ذیل کے نقش 11 عدد لکھ کر روزانہ آب رواں میں گھول کر پی جاؤ۔ یاد رہے نقش نہار منہ پیے جائیں گے۔

١

٢ | ٤

١٢	٥	١٠
٧	٩	١١
٨	١٣	٦

٣

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ	یامصور	یا باری
یا باری	یا اللہ	یامصور
یامصور	یاباری	یا اللہ

حاملہ کا دردِ سر

حاملہ کو درد سر کی بیماری قبض کی وجہ سے ہوتی ہے۔ لہذا قبض کو دور کرنے کے لیے ذیل کا عمل کریں۔ قبض کے دور ہو جانے سے درد سر بھی دور ہو جائے گا۔ ہڑ ہڑ کا مربہ لے کر اس پر اسم الٰہی ''یا فتاح'' 300 مرتبہ پڑھ کر رات سونے سے پہلے کھالو۔

اس کے علاوہ ذیل کے نقش کو نہار منہ عرق بادیان میں بھگو کر ایک پیالی پی لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ عظیم درد سر دور ہو جائے گا۔

١

۱۲	۵	۱۰
۷	۹	۱۱
۸	۱۳	۶

۲ ۴

۳

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هو الشافی


یا فتاح	یا فتاح	یا فتاح
یا فتاح	یا فتاح	یا فتاح
یا فتاح	یا فتاح	یا فتاح

هو النافع

حاملہ کا دانت کا درد

کبھی کبھار حاملہ کو دانت کا درد ہو جاتا ہے۔ اس وقت دانت مت نکلوائیں بلکہ ذیل کا عمل کریں۔

تین عدد پھول والی لونگ لے کر اس پر 21 مرتبہ الحمد شریف پڑھیں اور ایک ایک کر کے دانت کے نیچے لونگ رکھو، انشاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ذیل کے نقش کو آبِ رواں میں گھول کر نہار منہ پی جاؤ۔ اللہ تعالیٰ اپنا کرم کرے گا۔



هو الشافی

هو الکافی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هو النافع

مضمون لکھیں

اگر آپ کے پاس اپنے بزرگوں کے تحریری تحفے ہیں اور آپ اِن کو امر کرنا چاہتے ہیں تو راہنمائے عملیات کے صفحات آپ کے لیے حاضر ہیں۔

آپ کے ذہن میں بھی کوئی عملیاتی، نجومی یا علوم مخفی کی کسی بھی شاخ سے متعلق مواد ہے تو آپ اِسے راہنمائے عملیات میں شائع کروا سکتے ہیں۔

انگلش مضمون سہ ماہی فرزوق میں اشاعت کے لیے ارسال کیے جا سکتے ہیں۔

حاملہ کو تھوک کی زیادتی

حمل کے دنوں میں تھوک کی زیادتی ہو جاتی ہے۔ تھوک کی زیادتی کم کرنے کے لیے ذیل کا عمل کریں۔

تھوڑا سفید زیرہ لے کر باریک پیس لیں اس پر 21 مرتبہ الحمد شریف پڑھیں۔ اب شہد میں ملا کر چاٹ لیں۔ 20 منٹ تک کچھ کھانا پینا نہیں۔ اس کے علاوہ ذیل کے نقش کو لکھ کر آبِ رواں میں گھول کر نہار منہ پی جاؤ۔ اللہ تعالیٰ کرم کرے گا۔

۱

۱۰	۳	۸
۵	۷	۹
۶	۱۱	۴


۲

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض

یونس مانسہروی، کراچی۔




تمام حمد وثناء اللہ رب العالمین جل شانہ کے لیے اور تمام درود وسلام آقائے کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کے لیے۔

قارئین محترم! اس مرتبہ صحت وتندرستی کے حوالہ سے ایک قرآنی دعا لے کر حاضر ہوا ہوں۔ آج کے اس خطرناک دور میں کس وقت کیا تکلیف ہوگی۔ کون سی بیماری آ پکڑے گی کوئی نہیں جانتا۔ حتیٰ کہ انسان کو یہ تک علم نہیں ہوسکتا کہ آج دن یا رات میں اس پر کیا گزرے گی۔ کس قسم کے حالات و واقعات پیش آئیں گے۔ آج سے سو پچاس سال قبل دمہ، ٹی بی اور ٹائیفائیڈ وغیرہ کو لاعلاج اور خطرناک بیماریاں خیال کیا جاتا تھا۔ لیکن آج کے اس ہنگامہ خیز دور میں خود انسانوں کی اپنی کارستانیوں کی وجہ سے کینسر، ڈینگی فیور اور ایڈز جیسے خطرناک اور لاعلاج مرض پھیل چکے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ کوئی مرض لاعلاج نہیں ہے۔ قرآن مقدس میں اللہ جل شانہ نے صرف موت کا علاج نہیں بتایا، باقی دنیا کے ہر مرض، ہر مشکل اور پریشانی کا حل اور علاج قرآن مقدس میں موجود ہے۔ شرط یہ ہے کہ قرآن پاک کو جاننے اور سمجھنے والا ہو۔ آج کے دور میں پیٹ کا درد اور السر ایک عام مرض ہے۔ پیٹ کا درد بڑے چھوٹے سب کو ہوتا ہے۔ خاص طور پر کم عمر اور شیر خوار بچے اس تکلیف کا شکار زیادہ ہوتے ہیں۔ پیٹ کے درد کے لیے دوائیں کھانے اور ٹیکے لگوانے کی بجائے اگر قرآن مقدس سے علاج کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ پہلے اس عمل کی زکوۃ ادا کریں۔ ایک سو ستر مرتبہ یہ دعا بعد نماز عشاء پڑھیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے خوشبودار اگربتی جلالیں اور اکتالیس دن تک روزانہ اول وآخر ایک ایک تسبیح درود پاک پڑھ کر شروع کردیں۔ زکوۃ ادا کرنے کے بعد آپ اس کے عامل ہو جائیں گے۔ دعا کو کاغذ پر لکھ کر پیٹ کے درد والے کو پلائیں، درد چند منٹ میں ختم ہوجائے گا۔

دعا یہ ہے:- اللھم انت الباسط وانا المبسوط فمن یدع المبسوط الا الباسط یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔

عمل میں کامیابی حاصل کرکے جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب ادارہ ''راہنمائے عملیات'' اور اس فقیر کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔



رسول اللہ ﷺ مجھ سے راضی ہوگئے۔ اس سے مجھے بے پناہ مسرت حاصل ہوئی اور میرا دل خوشی کے مارے بلیوں اچھلنے لگا۔ میں نے رکاب ہی میں آپ ﷺ کے قدم مبارک کو بوسہ دیا۔ پھر آپ نے میری طرف ملتفت ہوتے ہوئے فرمایا: ''میرے بھائی! آگے بڑھو اور دشمن پر ٹوٹ پڑو۔''

رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے اپنے لیے یہ کلمات سن کر میرے اندر شجاعت ودلیری کے شعلے بھڑک اٹھے اور میں نے مشرکین پر ایسا زوردار حملہ کیا کہ ان کے قدم ڈگمگا گئے اور وہ اپنی جگہ سے ہٹ گئے۔ اس حملے میں بہت سے مسلمان بھی میرے ساتھ شریک ہوگئے۔ ہم ان کو تقریباً تین میل تک کھدیڑتے چلے گئے اور وہ مختلف اطراف میں بھاگ نکلے''۔

جناب ابوسفیان بن حارثؓ کو غزوہ حنین کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضامندی کی نعمت حاصل ہوگئی۔ اور وہ آپ ﷺ کی صحبت کی سعادت سے بھی سرفراز ہوگئے۔ لیکن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اپنے سابقہ رویے کی وجہ سے ان کو ایسی شرمندگی وپشیمانی دامن گیر ہوئی کہ وہ زندگی بھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے کی طرف کبھی نظر نہ اٹھا سکے، نہ کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے آنکھیں چار کرسکے۔ لیکن باقی زندگی میں سابقہ ایام پر ندامت، آیات کی تلاوت اور احکام پر غور وفکر میں مشغول رہ کر گزار دی۔

ایک روز جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مسجد میں داخل ہوتے دیکھا تو عائشہ صدیقہؓ سے فرمایا ''عائشہؓ جانتی ہو یہ کون ہے؟'' یہ میرے عم زاد ابوسفیان بن حارث ہیں۔ دیکھو! یہ سب سے پہلے مسجد میں آتے ہیں اور سب سے آخر میں اس سے نکلتے ہیں اور جب تک اس میں رہتے ہیں، نماز میں مشغول رہتے ہیں۔

جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر جدائی غم میں اس طرح پھوٹ پھوٹ کر روئے جس طرح کوئی شخص اپنے محبوب کی جدائی پر بھی نہیں روتا۔

جناب عمر فاروقؓ کے زمانہ خلافت میں انہوں نے اپنے ہاتھوں سے اپنے لیے قبر کھودی، ابھی تین دن نہ گزرے تھے کہ ان کا آخری وقت آ پہنچا۔ فرمایا ''خبردار! میری موت پر آنسو نہ بہانا۔ اللہ گواہ ہے کہ اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے کسی گناہ کا ارتکاب نہیں کیا۔ پھر ان کی پاکیزہ روح اس دار فانی سے کوچ کرگئی۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون! نماز جنازہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

☆☆☆☆☆

محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ۔

لوح اکسیر اعظم

قارئین راہنمائے عملیات کو نیا سال مبارک ہو اور اس مرتبہ آپ کے لیے ایک خاص تحفہ یعنی لوح اکسیر اعظم خاص پیش کر رہا ہوں۔ آج کا انسان اپنی ہی پیدا کردہ مشکلات کا شکار ہے۔ لیکن انسان کو چاہیے کہ وہی کام کرے جو اپنے لیے بھی فائدہ مند ہو اور دوسروں کے لیے بھی۔ تاکہ پیدا شدہ مسائل جن میں انسان جکڑا ہوا ہے ان کا خاتمہ ہو اور انسان خوشحالی کی زندگی گزار سکے۔ بہرحال اچھا انسان وہی ہے جو دوسروں کے کام آ سکے۔ اس مرتبہ جو لوح خاص تحریر کر رہا ہوں۔ اس کے بے شمار خواص ہیں۔ مثلاً اگر کسی کا کاروبار بند ہے وہ کھل جاتا ہے۔ اگر شادی کے مسائل ہیں یعنی رشتہ اچھا نہ مل رہا ہو یا شادی جلد نہ ہو تو اس کی برکت سے مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ستاروں کی نحوست خصوصاً ساڑھ ستی کا شکار ہیں تو حفاظت رہے گی۔ سحر و جادو ٹونے یا سایہ آسیبی کے مسائل سے چھٹکارا ملے گا۔ حصول ملازمت و حصول علم میں کامیابی ہوگی۔ بیرون ملک سفر یا ویزہ کے حصول میں کامیابی ہوگی اور بیماریوں میں گرفتار ہیں تو صحت یابی ہوگی اور دیگر فی زمانہ جو مسائل ہیں ان کے حل کے لیے لوح اکسیر اعظم خاص سے استفادہ حاصل کریں، انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

طریقہ استعمال یہ ہے کہ علیحدہ پاک وصاف کمرہ میں داخل ہو جائیں۔ پھر خوشبودار بخور سلگائیں۔ اب مصلے پر بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران و عرق گلاب سے سعد نظرات کواکب میں لکھیں۔ پھر سورۃ اخلاص 1500 مرتبہ اول و آخر 110-110 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر لوح مبارکہ پر دم کر دیں۔ پھر نیاز بانٹ کر لوح اپنے پاس رکھیں۔ پھر اس کے اثرات آہستہ آہستہ ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یابدیع	یا اللہ والاکرام	یا اللہ یاذوالجلال	یا اللہ والارض	یا اللہ السموات	یا اللہ یا بدیع
یا اللہ السموات	یا اللہ یا بدیع	یا اللہ والاکرام	یا اللہ یاذوالجلال	یا اللہ والارض	یا اللہ السموات
یا اللہ والارض	یا اللہ السموات	یا اللہ یا بدیع	یا اللہ والاکرام	یا اللہ یاذوالجلال	یا اللہ والارض
یا اللہ یاذوالجلال	یا اللہ والارض	یا اللہ السموات	یا اللہ یا بدیع	یا اللہ والاکرام	یا اللہ یاذوالجلال
یا اللہ والاکرام	یا اللہ یاذوالجلال	یا اللہ والارض	یا اللہ السموات	یا اللہ یا بدیع	یا اللہ والاکرام
یا اللہ یا بدیع	یا اللہ والاکرام	یا اللہ یاذوالجلال	یا اللہ والارض	یا اللہ السموات	یا اللہ یا بدیع

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

نوٹ:

لوح مبارکہ کو چاندی میں بند کر کے اپنے پاس رکھنا ہے۔ اس لوح مبارکہ سے حصول انعام و نمبر کے متعلق بھی فائدہ ہوتا ہے۔ میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اور فائدہ اٹھانے والوں کو چاہیے کہ میرے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

☆☆☆☆☆

ارشاد احمد چوراہی، لاہور۔

امراض چشم کا قرآنی علاج

محترم قارئین کرام! سلام محبت قبول فرمائیں۔

کچھ عرصہ بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ اُمید ہے کہ آپ میری اس کاوش کو پسند فرمائیں گے اور اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ اللہ رب والعزت آپ سب کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ آمین۔

محترم قارئین بینائی (نظر) اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت ہی انمول تحفہ ہے۔ بلکہ یوں کہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے۔ اس کی قدر وہ جانے جس کے پاس آنکھوں کا نور نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس سب کی آنکھوں کی حفاظت فرمائیں۔ تاکہ آپ اپنی زندگی کو بھرپور انداز میں گذار سکیں اور اللہ رب والعزت کی قدرت کا نظارہ کر سکیں۔

جبرائیل

یا اللہ یا نور بسم اللہ الرحمن الرحیم یا سلام یا اللہ

یا سلام — بسم اللہ الحکیم — عزرائیل — حمعسق — یا نور

یا نور ۳۲۵۴۸ یا سلام	یا نور ۳۲۵۶۲ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۹ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۵ یا سلام
یا نور ۳۲۵۶۰ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۴ یا سلام	یا نور ۳۲۵۴۹ یا سلام	یا نور ۳۲۵۶۱ یا سلام
یا نور ۳۲۵۵۳ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۷ یا سلام	یا نور ۳۲۵۶۳ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۰ یا سلام
یا نور ۳۲۵۶۳ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۱ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۲ یا سلام	یا نور ۳۲۵۵۸ یا سلام

یا نور — بسم اللہ الکریم — اسرافیل — کھیعص — یا سلام

یا اللہ یا نور بسم اللہ العلیم یا سلام یا اللہ

یاالٰہی ارشاد احمد چوراہی کی نظر کو تیز فرما، محفوظ فرما اور آنکھوں کی تمام بیماریوں سے محفوظ فرما بحق یا نور یا سلام بحث ایں نقش پاک۔

معزز قارئین میں آپ کی خدمت میں اس نعمت مبارکہ کی حفاظت کے لیے چند پھول لے کر حاضر خدمت ہوں۔ انشاء اللہ آپ اِس پر عمل کر کے ضرور استفادہ حاصل کریں گے۔

مجھ ناچیز حکیم ارشاد احمد چوراہی، راہنمائے عملیات کی پوری ٹیم اور خاندانِ راٹھور کے حق میں اللہ تعالیٰ رب والعزت سے دعا ضرور فرمائیں۔

قرآنی آیات مبارکہ سے امراض چشم کا علاج

1) اس آیت مبارکہ کو ہر فرض نماز کے بعد انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیریں، نہایت ہی مفید اور کارگر ہے اور اس سے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی بینائی کبھی خراب نہیں ہوگی۔ آزمودہ اور مجرب ہے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لقد کنت فی غفلۃ من ھذا فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم الحدید ٥ سورہ ق۔

اس آیت مبارکہ کو سات مرتبہ پڑھیں اور دم کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ مکمل شفاء نصیب ہوگی۔

2) اس آیت مبارکہ کو مکمل توجہ اور یکسوئی کے ساتھ اپنے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ سات

روز یا اکیس روز تک پانی پر دم کریں اور اسی پانی میں سے تھوڑا سا پانی لے کر کسی بڑے برتن میں اپنی آنکھوں کو دھوئیں اور خیال رہے کہ یہ پانی پاؤں کے نیچے مت آئے۔ اس پانی کو آنکھیں دھونے کے بعد چھت یا دیوار یا کسی درخت کی جڑ میں بہا دیں تاکہ پانی کی حرمت قائم رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی تمام امراض سے کلی طور پر شفا نصیب ہوگی اور پہلے سے زیادہ نظر تیز ہوگی۔ آیت مبارکہ یہ ہے:-

پہلی آیت: وھو ارحم الراحمین ٥ اذھبوا بقمیصی ھذا فالقوہ علی وجہ ابی یات بصیرا۔ (سورۃ یوسف 92 تا 93) 21 مرتبہ پڑھیں۔

دوسری آیت: فلما ان جاء البشیر القہ علی وجھہ فارتد بصیرا (سورۃ یوسف 96) 21 مرتبہ پڑھیں۔

ان کے ساتھ یہ چار اسماء الٰہی ملالیں۔

یا اللہ یا نور یا سلام یا بصیر. 21 مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ رب والعزت تمام امراض چشم میں شفا نصیب فرمائیں گے۔

3) اگر کسی شخص کی آنکھیں خراب ہوگئیں ہوں یا بینائی ختم ہوگئی ہو یا بینائی میں کمی ہوگئی ہو تو باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں یا آنکھوں پر دم کریں۔ آنکھیں دھونے کی صورت میں پچھلے والا طریقہ استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی تمام بیماریوں میں شفاء ہو گی۔ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحمن.

اول و آخری 11 مرتبہ یا طاق اعداد میں درود پاک (درود شفاء) پڑھیں۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وننزل من القران ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین (الاسراء 82)

اِس آیت مبارکہ کو ہر کوئی دم کی صورت میں استعمال کرسکتا ہے۔

4) اس آیت مبارکہ کو سفید کاغذ پر لکھ کر پانی حل کر کے 21 روز تک پئیں۔ 21 مرتبہ لکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی تمام امراض دور ہوں گی۔

آیت مبارکہ: یٰسین والقران الحکیم٥

اسمائے الٰہی سے امراض چشم کا علاج

1) یانور یاسلام یا بصیر. ان اسمائے گرامی کی ایک بڑی خوبی یہ بھی ہے کہ اس کے پڑھنے والے انسان کی آنکھوں کی بینائی کبھی ختم نہیں ہوتی اور ہمیشہ قائم رہتی ہے۔ ان اسمائے گرامی کو ہمیشہ روزانہ 100 مرتبہ پڑھیں یا ہر فرض نماز کے بعد 21 مرتبہ انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی تمام بیماریوں سے محفوظ رہیں گے اور زندگی بھر بینا رہیں گے۔

2) جو کوئی سفید موتیے سے بچنا چاہے تو اِن تینوں اسماء کو رات سوتے وقت 100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ موتیے کی بیماری سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ اگر آنکھوں میں پہلے سے سفید موتیا موجود ہوتو بکثرت ان کا ورد کریں۔ انشاء اللہ ختم ہوگا۔ اگر آپریشن کروانا چاہیں تو آپریشن کامیاب ہوگا۔ جس کسی کی آنکھوں میں پانی پھر آتا ہے۔ آنکھوں میں دھندلاہٹ آجاتی ہے اس صورت میں تین مرتبہ اول و آخر درود پاک اور گیارہ گیارہ سو مرتبہ ان اسماء گرامی کو یا نور یا سلام یا بصیر پڑھیں اور دعا مانگیں انشاء بہت جلد شفا نصیب ہوگی۔

المقیت سے امراض چشم کا علاج

امراض چشم کو دور کرنے کے لیے یا مقیت بہت ہی زبردست ہے۔ اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا آنکھوں میں درد کی صورت میں رات کو سونے سے پہلے 100 مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھ کر سرمہ یا کسی بھی دوا پر دم کر کے آنکھوں میں لگائیں تین مرتبہ اور اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ اللہ کے فضل و کرام سے آنکھوں کو آرام آجائے گا۔

درود مستغاث

یہ درود پاک ایک دفعہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرنا بہت مفید کرنا بہت

آنکھوں کا دھندلا پن

نظر کا نہ ٹھہرنا۔ آنکھوں میں پانی آنا۔ خارش ہونا۔ آنکھوں میں سرخی آنا الغرض تمام جملہ امراض اس بابرکت درود پاک سے ختم ہو جاتے ہیں۔ باقاعدگی سے یہ عمل طاق اعداد میں اگر جاری رکھیں گے تو آنکھوں کی تمام تکلیفوں سے محفوظ رہیں گے۔ عمل درج ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا نور یا سلام یا بصیر

(اول و آخر 3 مرتبہ) درود پاک پڑھیں۔

درود پاک۔ آللھم صلی علی محمد سید الساجدین سید الرکعین سعد الکاملین وعلی الہ و اصر حابہ اجمین. 21 مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی الہ علیہ وسلم کے صدقے تکمل شفا پائیں گے۔

عامل نذیر احمد، چاغی۔

مستند اعمال

طلسم جالینوس لحت ولبغض

یہ سات اسماء طلسم ہے جن کو حکیم جالینوس نے استخراج کیا ہے۔ اس اسماء طلسم میں حب اور بغض کے لیے تاثیر عظیم ہے۔ یہ طلسم کو سات عدد کاغذ کے ٹکڑے لے کر اس ترتیب سے لکھے کہ پہلے کاغذ پر یہ طلسم ایک مرتبہ لکھے دوسرے کاغذ پر دو مرتبہ اور تیسرے کاغذ پر تین مرتبہ، چھوتے پر چار مرتبہ، پانچویں پر پانچ مرتبہ، چھٹے پر چھ مرتبہ اور ساتویں پر سات مرتبہ۔ ان کلمات میں خیر وشر کی تاثیر موجود ہے۔ اگر عمل محبت کرنا چاہے تو اس وقت عمل کریں کہ قمر برج آتشی میں ہو اور ساعت قمر یا زہرہ یا مشتری میں لکھے۔ اگر بغض کے لیے عمل کرنا ہو تو نحس ساعت میں مریخ یا زحل کی ساعت ہو۔ اسی ترتیب سے جلائے مثلاً پہلے کاغذ میں ایک فلفل ڈالے اور اسماء طلسم سات مرتبہ پڑھیں اور آگ میں جلائے۔ دوسرے میں دو فلفل ڈالے اور تیسرے میں تین فلفل اور چوتھے میں چار اور پانچویں میں پانچ چھٹے میں چھ اور ساتویں میں سات فلفل ڈالے۔

اور یہ بھی یاد رکھیں کہ اگر دن میں عمل کریں تو فلفل سفید ڈالے اگر رات کے دوران عمل کریں تو فلفل سیاہ ڈالے۔ یہ عمل خالی مکان میں کریں اور دوران عمل کسی سے بات نہ کریں۔ اسماء طلسم جالینوس یہ ہے۔

علموت کماسط فسلسلس یا طلساس یا ھلط یا علملوط یا طلسنا

عمل حب کے لیے یہ الفاظ لکھے۔


احرقوا قلب فلاں بن فلاں لمحبت فلاں بن فلاں

عمل بغض کے لیے یہ الفاظ لکھے۔

فرقوا قلب فلاں بن فلاں لفلاں بن فلاں۔

طلسم معوذتین لباطل سحر

یہ دونوں سورت وسواس شیطانی اور باطل سحر وجادو کے لیے مجرب ہے۔ یہ طلسم معوذتین کو چاند کے چوریں تاریخ میں کسی پاک صاف برتن میں لکھ کر اور بارش کے پانی سے دھو کر مسحور کو وہ پانی پلا دے اور اسی پانی سی مسحور اپنے بدن پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا سحر وجادو باطل ہو جاتے ہیں اور یہ طلسم نیک ساعت میں لکھنا چاہیے جب لکھے تو دونوں سورتوں کو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف بھی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ طلسم موذتین یہ ہے۔



طلسم للقبول عند لناس والمحبۃ

یہ طلسم مجربات محمد غزالی " ہے۔ یہ طلسم نیک ساعت میں مشک اور زعفران سے لکھے اور سبز ریشمی کپڑے میں سی کر اپنے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر خلائق میں محبوب اور مقبول قول ہوگا۔ یہ طلسم شیخ العالم الامام ابی حامد بن محمد بن محمد الغزالی " کے کتاب قلمی میں درج ہے۔

موسیٰ	محمدؐ	عیسیٰ	ابراھیمؑ
۱۱۶	۹۲	۱۵۰	۲۵۹
عیسیٰ	ابراھیمؑ	موسیٰ	محمدؐ
۱۵۰	۲۵۹	۱۱۶	۹۲

موسیٰؑ ۱۱۶	محمدؐ ۹۲	عیسیٰؑ ۱۵۰	ابراہیمؑ ۲۵۹
عیسیٰؑ ۱۵۰	ابراہیمؑ ۲۵۹	موسیٰؑ ۱۱۶	محمدؐ ۹۲
اللهم ادخل محبة والعزت فلان بن فلان علی قلوب جمیع بنی آدمؑ وبنات حواؑ بحرمة نقش اسماء انبیاء علیه السلام			

نوٹ: یہ نقش صرف اور صرف جائز محبت خلائق اور مقبول خلائق کے لیے ہیں۔


دعا عقد لسان

یہ دعا زبانبدی دشمنان اور حاسدین کے لیے مجرب ہے یہ دعا ہر روز ایک مرتبہ پڑھیں اگر ہر روز نہ پڑھ سکے تو ہفتے میں ایک مرتبہ پڑھیں اگر ہفتے میں ایک بار نہ پڑھ سکے تو مہینے میں ایک مرتبہ پڑھیں اگر مہینے میں نہ پڑھ سکے تو سال میں ایک مرتبہ پڑھیں یا نیک ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تمام مخالفین اور حاسدین کی زبانیں بند ہو جائیں گی۔

بسم الله الرحمن الرحیم لا اله الا الله از آسمان تا زمین لا اله الا الله از زمین تا آسمان لا اله الا الله از عرش تا کرسی لا اله الا الله از کرسی تا عرش لا اله الا الله از قلم تا لوح لا اله الا الله از لوح تا قلم لا اله الا الله از بہشت تا دوزخ لا اله الا الله از دوزخ تا بہشت از مشرق تا مغرب لا اله الا الله از مغرب تا مشرق لا اله الا الله از شمال تا جنوب لا اله الا الله از جنوب تا شمال لا اله الا الله بنام نیک مردان لا اله الا الله بنام نیک زنان لا اله الا الله بستم زبان و عقل و هوش جمیع دشمان و بدگوهان و بد اندیشان و طاغیان و غمازان و حاسدان خویش و بیگانه صغیر و کبیر و بستم سحر ساحران و شر جنان و شر پریان و شر شیطان و شر سلاطین و شر اکابران و شر سرداران در حق صاحب فلان ابن فلان بحق توراة موسیٰ علیه السلام و انجیل عیسیٰ علیه السلام و زبور دائود علیه السلام و فرقان عظیم قرآن مجید محمد صلی الله علیه وآله واصحابه و بارک وسلم و بحق لا اله الا الله محمد رسول الله برحمتک یا ارحم الراحمین۔

طلسم الحب


یہ طلسم مشک اور زعفران سے بروز جمعہ بوقت طلوع آفتاب ساعت زہرہ میں لکھیں جب کہ زہرہ شرف یا اوج میں ہو بعد میں یہ طلسم اپنے گلے میں ڈالے تو طالب اور مطلوب کہ درمیان شدید محبت پیدا ہو جائے گی۔ طلسم الحب یہ ہے۔



یبتلی فلان بنت فلان لمحبة فلان ابن فلان شدید حبا حتی یقرله، بحق این نقش و بحق کهیعص و یحبونهم کحب الله والذین امنوا اشد حبا لله۔

طلسم الحب

یہ طلسم مشک اور زعفران سے کوری ٹھیکری پر اتوار کے دن طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر چولہے کے نیچے دفن کر دیں۔ تاکہ آگ کی حرارت پہنچے تو مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے پاس حاضر ہو جائے۔ طلسم الحب یہ ہے۔



☆☆☆☆☆

ریاض احمد شہزاد، بھمبر، آزاد کشمیر۔

صنم حصول

معزز قارئین راہنمائے عملیات اسلام علیکم ! نیا سال مبارک ہو۔ ہماری دعا ہے کہ سن 2013 عالم اسلام کے لیے امن کا سال ثابت ہو۔

عملیات کے شائقین کے لیے ایک مجرب عمل برائے حب نئے سال کا تحفہ پیش خدمت ہے۔ محنت کریں اور فائدہ اٹھائیں۔ ساتھ ہی اپنی دعاؤں میں ہمیں اور ادارہ راہنمائے عملیات کو یاد رکھیں۔

عروج ماہ تسدیس زہرہ ومشتری، زہرہ وقمر، قمر وعطارد یا زہرہ وعطارد میں نام مطلوب معہ مادر و نام مطلوب معہ مادر کے اعداد قمری میں اعداد 2123 کو جمع کریں اور مطلوب کے عنصر کے مطابق نقش مربع زوج الزوج پُر کریں۔ چار عدد نقش لکھیں اور چاروں عنصر کے مطابق استعمال کریں۔ نقش کے نیچے عزیمت حُب تحریر کریں۔ چاروں نقش پر علیحدہ علیحدہ مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا جس میں اُس کا پسینہ لگا ہوا ہو، لپیٹ دیں۔ دوران عمل عود وصندل کا بخور جلائیں۔ اگر بتی 7+ کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔ ستاروں کی مناسبت سے اُن کے بخور اور خوشبو کا استعمال نہایت ہی اُنسب ہے۔ بہتر یہی ہے کہ دونوں سیارگان کے بخورات اور اُن کی خوشبوئیں استعمال کریں۔ بخورات اور خوشبو کے استعمال سے روحانیت عمل کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔ یوں وہ عمل طاقت ور بن جاتا ہے۔ مناسب وقت اور عمل کے تمام لوازمات استعمال کیے جائیں تو عامل کی روحانیت اور اُس کے قلم کی تاثیر سے ناممکن کام بھی ممکن بن جاتا ہے۔ بشرطیکہ فضل الٰہی ہو۔ جائز ہر کام میں اُس پروردگار کی مرضی شامل ہونا ضروری ہے۔ جن کا پوری کائنات پر حکم چلتا ہے۔

اب مثال دے کر عمل کو سمجھانے کی کوشش کر رہا ہوں۔

نام طالب	تیمور علی بن نزہت خانم
نام مطلوب	فرحت جبین بنت مریم بتول

حروف	اعداد	حروف	اعداد
ت	400	ف	80
ی	10	ر	200

م	40	ح	08
و	06	ت	400
ر	200	ج	3
ع	70	ب	2
ل	30	ی	10
ی	10	ن	50
ب	02	ب	02
ن	50	ن	50
ن	50	ت	400
ز	07	م	40
ہ	05	ر	200
ت	400	ی	10
خ	600	م	40
ا	01	ب	02
ن	50	ت	400
م	40	و	06
		ل	30
میزان	1971	میزان	1933

کل اعداد	3904
اعداد خاص	2123
میزان	6027
منفی	60
4÷5967	باقی-3

کسر خانہ 5 میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔

مطلوب کا عنصر آتشی ہے۔ کیونکہ نام کا پہلا حرف ف جوکہ آتشی حرف ہے۔ اس لیے نقش مربع آتشی چال سے لکھا جائے گا۔ نقوش وغیرہ کے علم کو سمجھنے کے لیے ادارہ کی کتاب ''اُصول وقواعد عملیات'' سے مدد لے سکتے ہیں۔

آتشی چال

٨٦

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۴۹۷	۱۵۲۰	۱۵۱۰	۱۵۰۰
۱۵۰۸	۱۵۰۲	۱۴۹۵	۱۵۲۲
۱۵۰۴	۱۵۱۴	۱۵۱۶	۱۴۹۳
۱۵۱۸	۱۵۹۱	۱۵۰۶	۱۵۱۲

عزرائیل — اسرافیل — میکائیل

المحبت و تسخیر فرحت جبین بنت مریم
بتول تیمور علی بن نزہت خانم ما شفا
محبوب ابدا العجل الساعۃ الوحا

ہر نقش ہر بخور کی دھونی دیں اور خوشبو لگائیں۔ آتشی نقش کی بتی بنا کر نئے چراغ میں رکھ کر جلائیں۔ چراغ میں شہد اور گائے کا گھی ڈال کر جلائیں۔ اگر یہ دونوں چیزیں میسر نہ ہوں تو چنبیلی کا تیل استعمال کریں۔ باقی تینوں نقش کو عنصر بادی، آبی، خاکی کے مطابق استعمال کریں۔

بادی پر دھاگہ باندھ کر کسی پھل دار درخت کے ساتھ باندھیں۔ تاکہ ہوا سے حرکت کرتا رہے۔

آبی کو کسی چیز میں بند کر کے جاری پاک پانی نہر، دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔ یاد رہے کہ جس چیز میں بند کریں گے تو اُس میں پانی نہ جائے۔ تعویذ خشک رہے۔ موم جامہ کر کے پانی میں ڈالیں۔

خاکی نقش کو مطلوب کے راستے میں یا بھاری بوجھ کے نیچے دبا دیں۔

جن سیارگان کی نظر میں کام کرنا ہو اُن دونوں میں سے کسی کی ساعت میں نقش لکھیں۔ اور انہی کی ساعت میں ہی استعمال کریں۔ عمل کے وقت کوئی پاس نہ ہو۔ باوضو پاک صاف کپڑے اور وہ جگہ جہاں آپ نے عمل کرنا ہو پاک ہو۔ نئی قلم سرکنڈا کی یا پھر جو بھی قلم آپ پہلے سے جن سے تعویذات لکھتے ہیں وہ استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ تمام کام خاموشی سے کریں۔ موبائل

فون بند رکھیں۔ زعفرانی سیاہی جو عرق گلاب سے حل شدہ ہو وہ استعمال کریں۔ عمل کا راز کسی پر ظاہر نہ ہونے دیں اور نہ ہی خواب ظاہر کریں۔ اس کی وجہ اگلی سطور میں بیان کی گئی ہے۔

یہ عمل ہر جائز کام مثلاً میاں بیوی میں ناچاقی۔ ساس بہو کے جھگڑے۔ بہن بھائیوں میں دوستوں میں افسروں اور ماتحتوں میں اولاد میں یا کسی جگہ شادی کا ارادہ ہو وہاں استعمال کر سکتے ہیں۔

دعا گو ہوں کہ آپ کو اس عمل سے فائدہ پہنچے اور محبت نصیب ہو۔ آمین ثم آمین۔

خواب اور اُن کی تعبیر

میں اکثر اپنے مضمون میں یہ تحریر کرتا رہتا ہوں کہ عمل کا ذکر یا خواب کا ذکر کسی کے ساتھ نہ کریں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ کئی لوگوں پر جب عمل کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوتے ہیں تو اثرات کی خوشی میں وہ اثرات دوسروں پر ظاہر کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ جس کی وجہ وہ عمل یا تعویذ کی روحانیت اپنا اثر روک دیتی ہے یا کئی لوگ عمل شروع کرنے سے پہلے ہی بتانا شروع کر دیتے ہیں کہ ہم نے فلاں عمل پڑھنا ہے یا تعویذ لکھنا ہے۔ تو جب وہ عمل پڑھنا شروع کر دیتے ہیں یا تعویذ لکھنا شروع کرتے ہیں تو وہ اس اُمید سے ہوتے ہیں کہ اس عمل میں یا تعویذ فلاں سے فائدہ ہوگا جب کہ ایسا نہیں ہوتا یعنی جب اُن کو فائدہ نہیں پہنچتا تو کہتے پھرتے ہیں کہ عمل بیکار ہے۔ جب کہ وہ حقیقت سے ناآشنا ہوتے ہیں۔ اس طرح عمل و تعویذ سے ظاہری یا باطنی اثرات بذریعہ خواب ظاہر ہونا شروع ہوتے ہیں تو اُن کو بھی اپنے کنٹرول میں نہیں رکھتے ہیں۔ ویسے بھی کسی قسم کا خواب نظر آئے تو وہ خواب ہر کسی پر ظاہر نہیں کرنا چاہیے۔ کسی صالح آدمی سے خواب بیان کریں جو تعبیر جانتا ہو کچھ خواب اچھے ہوتے ہیں، کچھ خراب۔ جو خواب بد نظر آئے، نیند سے

بیدار ہوتے ہی بائیں کاندھے کی طرف تین بار تھوک کر لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم تین بار پڑھیں اور کروٹ بدل لیں۔


صحیح مسلم شریف میں حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جس وقت تم میں سے کوئی شخص ایسا خواب دیکھے جو اُسے بُرا معلوم ہو تو تین دفعہ بائیں طرف تھتکارے اور تین دفعہ شیطان کی برائی سے پناہ مانگے، اللہ تعالیٰ کی اور کروٹ بدل لے۔

تعبیر دیکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل تاریخوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ ہر ماہ کی 6-7-8-9-10-15-19-26-27-30 کے خواب عموماً درست اور نیک ہوتے ہیں۔ اس طرح ہر ماہ کی 3-13-14-18 -20-21-23-28 1-2 خواب نیک و بد دونوں قسم کے ہوتے ہیں اور تمام درست ثابت ہوتے ہیں۔ اور جو خواب 12-16-17-22-24-25-29-4-5-11 تاریخوں کے ہوتے ہیں وہ اگرچہ صحیح ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی تعبیر دیر سے ظہور میں آتی ہے۔ خواب کی تعبیر وقت کے مطابق ہوتی ہے اگر خواب رات کے وقت یعنی بارہ بجے آئے تو اس کی تعبیر دیر سے ظاہر ہوگی۔ مثلاً چھ سال سے دس سال تک اور اگر خواب رات کے دواڑھائی بجے آئے تو اُس کی تعبیر ایک سال سے پانچ سال تک درست ہوگی اور جو خواب صبح ہونے پر آئے یعنی اذان کے وقت تو ایسے خواب جلد ظاہر ہوتے ہیں۔

ترمذی شریف میں حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے صبح کا خواب بہت سچا ہوتا ہے۔

امراض قلب

زیادہ تر انسانوں کی زندگی کا اختتام حرکت قلب بند ہونے سے ہوتا ہے۔ لیکن زندگی کی خواہش سے کوئی بھی فرار نہیں چاہتا۔ زندگی کی حفاظت ایک جہاد ہے۔ **کوارڈز** جو نیلا شیڈ لیے ہوئے ہو امراض قلب سے حفاظت اور دورانِ خون قلب کو رواں رکھنے میں موثر مانا گیا ہے۔ کوارڈز عموماً بے رنگ مل جاتا ہے۔ امراض قلب کے حوالے سے یہ مفید نہ رہے گا بلکہ نیلا کوارڈز اس کے اصل ہونے کے اعتماد کے ساتھ استعمال کریں فائدہ ہوگا۔



محمد عمران رضا، شاہدرہ۔

محترم قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات وخالد روحانی جنتری اسلام و علیکم! اللہ کی ذات آپ کو اپنی رحمت کے سائے میں جگہ عطا فرمائے اور ملک پاکستان کو حاسدوں کے حسد اور اندرونی اور بیرونی دشمنوں کے حملوں سے محفوظ فرمائے اور تمام بیماروں کو اپنے پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں صحت عطا فرمائے، تاکہ وہ پھر اپنی زندگی کی دوڑ میں مکمل صحت کے ساتھ شامل ہو سکیں اور جن جن سے جو بھی کسی نے وعدہ کیا ہے وہ اُس وعدے کو پورا کر سکے۔ آمین۔

محترم قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات نومبر 2011 کے شمارے میں جناب یونس مسعود صاحب کا مضمون (کالا جادو اور اُس کی علامات) شائع ہوا تھا جس کو پڑھ کر کسی اور کو خوشی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو مجھے تو ہوئی تھی وہ اس لیے کہ کسی صاحب نے اِس موذی مرض کے خلاف اپنے قلم سے جہاد تو کیا۔ نومبر 2011 کے مہینے میں ہی جناب عبدالباسط راٹھور، ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات سے ملاقات کے دوران وعدہ کیا تھا کہ میں کالا جادو پر مواد فراہم کروں گے، جسے آپ شمارے کی صفحات کی زینت بنا دیں۔ پھر جب اُس کے لیے مواد اکٹھا کرنا شروع کیا تو یقین کریں کہ قسم ہے مجھے اُس ذات کی جس کی محبوب ہستی وہ ہستی ہے جن کے وسیلے سے ہم گنہگاروں کی بخشش ہوتی ہے۔ جب مواد کو ایک لڑی میں پرونا شروع کیا تو وہ ایک ضخیم کتاب کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد وہ کتاب ادارے کے توسط سے بنام (قھرِ ربِّ واحد بَرسحر اسود) شائع ہوگی۔ دعا کیجئے کہ اللہ کی ذات مجھے کمر کے درد سے نجات دے جس کی وجہ سے اس کام میں تاخیر ہو رہی ہے۔

بازار میں موجود کالا جادو کی کتابوں میں اِس حقیقت پر کسی نے نظر نہیں ڈالی کہ یہ کہاں سے شروع ہوا اور اِدھر ہندوستان میں کیسے آیا۔ لیکن جب میں نے بحکم الٰہی بطفیل محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم جب اِس کے متعلق چھان بین کی تو قسم ہے میں کہتا ہوں کہ مجھے وہ مواد بھی ملا کہ اس علم کی ہندوستان میں کیسے آمد ہوئی۔ اِس کتاب کے محترم قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات دو حصے ہوں گے جو کہ ایک ہی جلد میں ہوں گے۔ ایک حصہ بنام (قھرِ ربِّ واحد بَرسحر اسود) جس میں اس کی ہندوستان میں آمد سے لے کر موجودہ دور تک اس کی ستم نوازیوں کی داستان ہے جو کہ ہر ایک چیز باحوالہ ہوگی، انشاء اللہ۔ کہتے ہیں کہ حوالہ ایک آئینہ ہوتا ہے جو کہ اعتراض کرنے والے کا منہ بند کرنے کے لیے ہوتا ہے پھر جب وہ حوالہ دیکھتا ہے تو اعتراض کرنے کے قابل نہیں رہتا۔ اِسی پہلے حصے میں چند ایک تاریخی واقعات بھی ہیں ایک واقعہ تو وہ ہے جس میں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جادو کا تذکرہ ہے۔ ایک واقعہ ہمارے جد عالیٰ جناب حافظ مفتی فاتح سمرقند و بخارا امیر تیمور کا بھی ہے۔ کیونکہ میرا مغل خاندان سے تعلق ہے ویسے تو

مغل خاندان کا سلسلہ نسب حضرت نوح علیہ السلام سے جاملتا ہے۔

محترم قارئین اس میں ایک واقع ہمارے ایک عزیز کا بھی ہے جس پر ہمارے ہی عزیزوں نے ہانڈی کا وار کر کے اُس کو راہِ ملک عدم کر دیا تھا۔ یہ واقع اُس وقت کا ہے جب میرا اور روحانی علوم کا دور دور تک کا تعلق نہیں تھا اور دوسرا حصہ بنام (برقِ شمشیرِ رضا فی خاتمہ و فناءِ سحر) اس میں وہ مجرب اعمال درج کیے ہیں جو کہ سحر کو اس طرح کھا جاتے ہیں جیسے شیر ہرن کو کھا جاتا ہے اور ہر عمل مجربات میں سے شامل ہے۔

محترم قارئین راہنمائے عملیات دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات مجھے کمر کے درد سے نجات اور میں ایڈیٹر راہنمائے عملیات، جنابِ عبدالباسط راٹھور سے کیا ہوا وعدہ وفا کر سکوں کیونکہ جہاں تک کتاب کا مسودہ تیار کیا تھا وہ وہاں پر ہی رُکا ہوا ہے۔

اب میں آتا ہوں عملِ حُب کی طرف یہ مجرب عمل حُب ہے جس کی عام اجازت ہے لیکن اس کی ایک شرط ہے وہ یہ کہ حرام نہیں کرنا، جو حرام کرے گا وہ بروزِ قیامت میرا اور پیر سید محبوب علی شاہ کا دین دار ہوگا اور بروز قیامت اُس کا گریبان اور میرا ہاتھ ہوگا۔ انشاء اللہ پہلی بات تو یہ کہ حرام کے لیے نوری عمل کبھی بھی اپنا اثر نہیں دکھاتا اور یہ عمل تو ہے ہی اول تا آخر نوری۔

اول چاہیے کہ نام مطلوب مع مادر و نام طالب مع مادر کے حروف جدا جدا ایک سطر میں لکھیں اور تکسیر کریں۔ صدر و موخر یعنی ایک حرف سطر کے آخر سے اور ایک سطر کے اول سے لیں پھر ایک آخر سے قبل کا لیں اور پھر اول سے بعد کا اسی طرح تکسیر کرتے ہیں کہ سطر اول خود سامنے آجائے گی جب سطر اول سامنے آجائے گی تو سمجھ لیں کہ تکسیر مکمل ہوگئی۔ اب سطر کے باقی حروف میں سے ہر حرف سے شروع ہونے والا ایک اسمِ الٰہی نکالیں اور اسی حروف کا موکل لے لیں اسم الٰہی کا موکل نہیں نام کے جو حروف جدا جدا لکھے تھے ان کا موکل لے لیں جن کا چاٹ بعد میں آئے گا ساتھ میں اسی حرف سے شروع ہونے والا اسم اعظم میں آئے گا۔

مثال	
مطلوب	طالب
محمود بن احمد	عبداللہ بن حارث
ان کے حروف کو جدا جدا کر کے تکسیر کر لیں۔	

م ح م و د ا ح م د ع ب د ا ل ل ہ ح ا ر ث

ث م ر ح ا م ح د ہ و ل ا ل ح ا م و د ب ع
ع ث ب م د ر و ح م ا م ح ح ل د آ ہ ل د
د ع ل ث ہ ب ا م و د ل د ح د ح م م ا ا
ا د ا ع م ل م ث ح ہ ح ب د ا ج م ر و ل د
د ا ل و د ا ر ع م م ح ل ا م و ث ب ح ح ہ
ہ ح ا ح ل ب د ث د ک و ا م د ا ع ل م ح م
م ہ ح د م ح ل ا ع ح ا ل د ب م و ا ث د د
د م د ھ ث ح ا و د م ح ب ل د ا ل ع ل ح
ح د ا م ع ل ھ ا ا ث ر ح ل ا ب د ح و م م
م ح م و د ا ح م د ع ب د ا ل ل ہ ج ا ر ث

اِس تکسیر کو محفوظ کر لیں، گیارہ سطریں ہیں۔ گیارہ روز کا ہی عمل ہے ہر روز ایک سطر تکسیر ہاتھ سے کاٹ کر اُس پر روئی لپیٹ کر اِس کی بتی بنائیں اور تانبے کے چراغ میں روغنِ گاؤ اور شہد ملا کر روشن کریں اور چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں۔

حرف	موکلِ حرف	موکل مجرد	اسم الھی
الف	اسرافیل	ائیل	اللہ
ب	جبرائیل	بائیل	باسط
ت	عزرائیل	تائیل	تواب
ث	میکائیل	ثائیل	ثابت
ج	کلکائیل	جائیل	جلیل
ح	تنکفیل	حائیل	حمید

خ	مهمکائیل	خائیل	خبیر
د	دردائیل	دائیل	دلیل
ذ	اهرائیل	ذائیل	ذاکر
ر	اموائیل	رائیل	رحمن
ز	شرفائیل	زائیل	زکی
س	هموا کیل	سائیل	سمیع
ش	همرائیل	شائیل	شکور
ص	اعحمائیل	صائیل	صمد
ض	عطکائیل	ضائیل	ضامن
ط	اسمائیل	طائیل	طیب
ظ	لوزائیل	ظائیل	ظاهر
ع	لومائیل	عائیل	علیم
غ	لوخائیل	غائیل	غفور
ف	سرحاکیل	فائیل	فتاح
ق	عطراکیل	قائیل	قهار
ک	حروزائیل	کائیل	کریم
ل	طاطائیل	لائیل	لطیف
م	رویائیل	مائیل	معز
ن	حولائیل	نائیل	ناصر
و	رفتمائیل	وائیل	ودود
ه	درویائیل	هائیل	هادی
ی	سراکیطائیل	یائیل	یاسر

اب عزیمت اِس عمل کی اس طرح بنے گی پہلے حروف کے سرحروف سے حاصل ہونے والے مواکیل لکھے جائیں گے۔ پھر (محبت محمود بن احمد درمیان عبداللہ بن حارث) بعد میں اسمائے الٰہی لکھے جائیں گے تو عزیمت مکمل ہوجائے گی۔ تو اس عمل کی عزیمت مندرجہ ذیل بنی۔

اجیو یا ردیائیل یا تنکافیل یا فتمائیل یا دردائیل یا اسرافیل یا لومائیل یا طاطائیل یا دردائیل یا اموائیل یا میکائیل محبت محمود بن احمد درمیان عبدالله بن حارث بحق یا معز یا حمید یا ودود یا دلیل یا الله یا علیم یا باسط یا لطیف یا هادی یا رحمن یا ثابت.

تعداد اس عمل کی اعداد نام طالب مع والد مطلوبہ مع نام والد کے اعداد نکالیں اور دونوں کو جمع کر لیں وہی اس عمل کی تعداد ہے۔

پرہیز میں مکمل ترکِ حیوانات ہے۔

یہ عمل مجربات میں سے ہے میں پھر کہوں گا کہ حرام کے لیے ہرگز نہ کریں۔

آخر میں پھر کہوں گا کہ مجھ بیمار کے لیے دعا کریں کہ اللہ مجھ کو صحت عطا فرمائے، تا کہ میں اُس وعدہ کو وفا کرسکوں۔ والسلام۔

☆☆☆☆☆